اٰلِهٖ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ

اولاد پر رحمت کاملہ نازل فرما اور میں اپنا کام خدا ہی کے سپرد کرتا ہوں بیشک خدا بندوں کے

بِالْعِبَادِ فَوَقٰهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا لَاۤ

حال کو خوب دیکھتا ہے پس خدا محفوظ رکھے اس کو ان کے مکر کی برائیوں سے تیرے سوا

اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

کوئی معبود نہیں ہے تو پاک اور پاکیزہ ہے یقیناً میں قصور وار ہوں

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ

پس تو نے ان کی دعا قبول کی اور ان کو رنج و غم سے نجات دی اسی طرح ہم

نُنجِی الْمُؤْمِنِیْنَ وَحَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

ہم ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں خدا ہمارے واسطے کافی ہے اور کیا ہی اچھا کارساز ہے

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْھُمْ

پھر وہ خدا کی نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ کر آئے کہ ان کو کوئی برائی چھوتی نہ

سُوْٓءٌ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

گئی تھی سب کچھ خدا کی مرضی سے ہے کسی میں کچھ قوت نہیں بغیر خدا کی مدد کے

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا مَا شَآءَ النَّاسُ مَا شَآءَ اللّٰہُ وَلَوْ

سب کچھ خدا ہی کی مرضی سے ہے نہ کہ لوگوں کے چاہنے سے سب کچھ خدا ہی کے چاہنے سے

کَرِہَ النَّاسُ حَسْبِیَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِیْنَ

ہے اگرچہ لوگ کراہت کریں تمام معبودوں سے مجھ کو پروردگار کافی ہے مجھے

حَسْبِیَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ حَسْبِیَ الرَّازِقُ

سب کا پیدا کرنے والا کافی ہے تمام مخلوق سے مجھ کو رزق دینے والا کافی ہے

مِنَ الْمَرْزُوْقِیْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ

تمام رزق پانے والوں سے مجھ کو کافی ہے وہ اللہ کہ جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ

مجھ کو کافی ہے اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کئے ہوئے ہوں

هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ؕ

اور وہ بڑے تخت کا مالک ہے

(۱۰) امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ جو بعد نماز صبح یہ دُعا پڑھے تو خداوند تعالیٰ فرشتوں کو وحی فرماتا ہے کہ میرے بندوں کے واسطے گناہوں سے بخشش لکھو کیونکہ وہ اقرار کرتا ہے کہ ما سوائے میرے کوئی گناہ نہیں بخشے گا۔

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَنِ اغْفِرْ لِيْ

تو پاک ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے جو کہ میرے تمام گناہ بخش دے

ذُنُوْبِيْ كُلَّهَا جَمِيْعًا فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

کیوں کہ گناہوں کا بخشنے والا

كُلَّهَا جَمِيْعًا اِلَّآ اَنْتَ

کوئی نہیں سوائے تیرے

(۱۱) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص یہ دُعا پڑھے تو خداوند تعالےٰ اُس کے واسطے تین ہزار نیکیاں لکھے گا اور اُس کے تین ہزار گناہ مٹا دے گا اور تین ہزار درجے بہشت میں بلند کرے گا اور ایک فرخ بہشت میں پیدا کرے گا کہ وہ تسبیح الٰہی کرے اور اُس کا ثواب اُس کے واسطے ہو گا۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

پاک ہے اللہ اپنی حمد کے ساتھ اور پاک ہے بزرگ اللہ اپنی حمد کے ساتھ

(۱۲) جو بندہ بعد نمازِ صبح تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالےٰ ستر قسم کی بلائیں اس سے دفع کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) حمد اس خدا کے لئے

الْعٰلَمِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا

ہے جو تمام جہان کا پالنے والا ہے اللہ کے لئے حمد ہے بے حد حمد پاک و پاکیزہ

مُّبَارَكًا فِيْهِ ۝

جس میں برکت دی گئی ہے

(۱۳) نمازِ صبح کے بعد ایک مرتبہ چاروں قُل پڑھے اس کے بعد ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے اور اس کے بعد تسبیح جناب فاطمہ زہراؑ پڑھے۔ برائے حصولِ حاجت مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا مَالِكَ الرِّقَابِ

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اے غلاموں کے مالک اے

یَاهَازِمَ الْاَحْزَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

گروہوں کے ہرانے والے اے سببوں کے مسبب ہمارے لئے ایسا سبب

سَبِّبْ لَنَا سَبَبًا لَّا نَسْتَطِیْعُ لَهٗ طَلَبًا بِحَقِّ لَا

قرار دے کہ ہم جس کی طلب کی طاقت نہیں رکھتے لا الٰہ الا

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ

اللہ کے ذریعہ سے محمدؐ خدا کے رسول ہیں اُن پر اللہ کی رحمت

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ ط

اور سلامتی ہو اور انکی آل پر اور علیؑ خدا کے ولی ہیں اُن پر سلام ہو

(۱۴) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ بعد نماز صبح یہ دُعا سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

جو کچھ خدا چاہتا ہے وہ ہوتا ہے نہیں ہے طاقت اور قوت سوائے خدائے

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

بلند اور بزرگ کے

(۱۵) شیخ طوسی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے کہ بعد نماز صبح تیس ۳۰ مرتبہ اس دُعا کو پڑھنا چاہیئے خداوند تعالےٰ بہت سے مصائب و آلام کو دور رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ رحمٰن اور رحیم کے اللہ کے لئے حمد ہے جو سارے

الْعَالَمِیْنَ تَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ لَا

جہانوں کا پالنے والا ہے برکت والا ہے اللہ خالقین میں بہتر خالق ہے کسی میں

حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

نہ قوت ہے نہ طاقت مگر اللہ بزرگ و برتر میں

(۱۶) شیخ طوسی علیہ الرحمۃ نے کتاب مجالس میں تحریر فرمایا ہے کہ جناب رسولخدا بعد نمازِ صبح باآوازِ بلند اس دعا کو تین بار پڑھتے تھے۔

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِیْ

اے میرے اللہ میرے دین کو درست کر دے ایسا دین جس کو میرے واسطے پاکدامنی کا ذریعہ

عِصْمَۃً (پھر تین بار) اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ

قرار دیا ہے اے میرے اللہ میری دنیا کی اصلاح کر جس میں تو نے

جَعَلْتَ مِنْھَا مَعَاشِیْ (پھر تین بار) اَللّٰھُمَّ جَعَلْتَ

میری معاش قرار دی ہے اے میرے اللہ اس کی طرف میرا

اِلَیْھَا مَرْجِعِیْ (پھر تین بار) اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ

مرجع قرار دے اے اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیرے خفتے

مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نَقِمَتِكَ (پھر تین بار)

سے تیری خوشنودی کی اور تیرے غضب سے تیری معافی سے پناہ چاہتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ

اے میرے اللہ میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں جو چیز تو نے دیدی اس کا کوئی روکنے والا

وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ

نہیں اور جس چیز کو تو نے روک دیا اُس کا کوئی دینے والا نہیں اور کوشش نفع نہیں

مِنْكَ الْجَدُّ ۃ

دیگی تیری طرف سے کوشش کرنے والے کو

(۱۷) جناب رسولِ خدا نے فرمایا ہے کہ جو شخص بعد نمازِ صبح اِس دُعا کو دس مرتبہ پڑھے تو خداوند تعالےٰ اُس کو کوڑھی و دیوانگی اور پریشان حالی سے محفوظ رکھے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلَا حَوْلَ

اللہ بزرگ تر پاک ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور کسی میں کچھ

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۃ

طاقت بغیر اللہ کی مدد کے نہیں ہے جو بلند مرتبہ اور صاحب عظمت ہے

(۱۸) ایک شخص نے جناب امام محمد باقرؑ سے عرض کی کہ باوجود کئی نکاح کرنے کے مجھ کو کوئی فرزند عطا نہیں کیا۔ اور اب میری عمر ساٹھ سال کی ہو گئی

ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ ہر روز نماز صبح کے بعد ستر بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور ستر بار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ پڑھا کرو اور اس کے بعد اس دعا کو پڑھو۔

اِسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّہٗ کَانَ غَفَّارًا یُّرْسِلِ

اپنے پروردگار سے مغفرت چاہو کیونکہ بالضرور وہ بڑا مغفرت والا ہے وہ

السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ

آسمان سے مسلسل پانی برساتا ہے اور مال و اولاد سے تمہاری مدد

وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ

کرتا ہے اور تمہارے لئے جنتیں بناتا ہے اور نہریں

اَنْھٰرًا ؕ

بناتا ہے

(۱۹) منہاج العارفین میں یہ دعا مخصوص وظیفہ صبح ہے۔

قُلْ لَّوْ کَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ

تو کہہ کہ اگر دریا بھی سیاہی بن جائیں میرے رب کے کلمات کے واسطے تو قبل

الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْجِئْنَا

اس کے کہ میرے رب کے کلمات ختم ہوں دریا ختم ہو جائے گا اگرچہ اس کی مدد

بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى

میں مثل اس کے اور بھی ہم لائیں۔ اے رسول کہہ دو کہ میں تم جیسا بشر ہوں فرق یہ ہے کہ

اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا

مجھ پر وحی نازل ہوتی ہے۔ تمہارا معبود اکیلا معبود ہے پس جو کوئی اپنے پروردگار کی رحمت

لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

کا اُمیدوار ہو اُس کو چاہیے کہ نیک عمل کرے اور کسی کو اپنے

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

پروردگار کی عبادت میں شریک نہ کرے

(۲۰) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص بعد نماز صبح یا نماز مغرب کسی سے کلام کرنے سے قبل سات مرتبہ یہ دُعا پڑھے تو حق تعالےٰ اُس سے ستر آفتیں کہ ان میں سے ادنیٰ برص و جذام ہیں، دفع کرتا ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ دس مرتبہ پڑھے تو اُس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

کسی میں نہ قوت ہے نہ طاقت مگر اللہ بزرگ و برتر میں

(۲۱) نیز حضرت امام رضاؑ سے روایت ہے کہ بعد نماز صبح سو بار پڑھے تو ہزار قسم کی بلائیں جنون برص اور رنج و غم دور ہوں۔

(۲۲) جناب امیر المومنینؑ بعد طلوع صبح صادق تین بار یہ دعا فرماتے تھے۔

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ط

پاک ہے وہ اللہ جو بڑی سلطنت والا تمام عیوب سے بری ہے

پھر یہ دعا پڑھتے تھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ

اے اللہ میں تیری نعمت کے زوال اور تیری عافیت کے پھر جانے اور

وَتَحْوِیْلِ عَافِیَتِكَ وَمِنْ فُجَاۃِ نِقْمَتِكَ وَمِنْ

تیرے غضب کے اچانک ہو جانے اور بدنصیبی کے طبقات

دَرَكِ الشَّقَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا سَبَقَ فِی الْكِتَابِ

سے اور جو کچھ تیرے علم میں گذرا ہے اس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِعِزَّۃِ مُلْكِكَ وَشِدَّۃِ

اے اللہ میں تیرے ملک کی عزت اور تیری قوت کی شدت

قُوَّتِكَ وَبِعَظِیْمِ سُلْطَانِكَ وَبِقُدْرَتِكَ عَلٰی

اور تیری سلطنت کی عظمت اور تیری مخلوق پر جو

خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

قدرت ہے اُس کے واسطے سے یہ سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر درود بھیج

اِس کے بعد اپنی حاجات درگاہِ جنابِ باری سے طلب کرے۔ اِنشاءاللہ وہ برآئیں گی۔

(۲۳) حضرت نے فرمایا کہ جو شخص نمازِ صبح کے بعد ستّر مرتبہ استغفار کرے حق تعالےٰ اُس کو بخش دے گا۔ اگرچہ اُس نے اُس روز ستّر ہزار گناہ کئے ہوں۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص زیادہ استغفار کرے خدا اس کو ہر غم سے نجات دے کر خوش حال کرے اور ایسی جگہ سے روزی دلوے کہ جہاں سے اُس کا گمان بھی نہ ہو۔ آں حضرتؑ نے فرمایا کہ جس کے ذمہ کسی کا مظلمہ ہو اور اُس سے معاف نہ کرا سکے تو اس کے واسطے خدا سے استغفار کیا کرے۔ یہی اُس کا کفّارہ ہو جائے گا۔ اور غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی ہو۔ اُس کے واسطے خدا سے استغفار کرے۔

(۲۴) امام جعفر صادقؑ نے فرمایا ہے کہ جو شخص ہر روز بوقتِ صبح ۲۵ مرتبہ اِن کلمات کو پڑھے تو خداوند تعالےٰ ملائکہ کو حکم دیتا ہے کہ اس کے اعمالنامے میں بہ شمار ہر مومن نیکیاں لکھیں اور بدیاں مٹائیں۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ

خداوندا تو جملہ ایمان دار مرد و زن اور اسلام لانے والے مرد و عورت کو

اَلْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ۝

بخش دے

(۲۵) جناب امیر المومنینؑ سے روایت ہے کہ بعد نماز صبح گیارہ مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے تو اُس دن کے گناہ اُس کے نامۂ اعمال میں نہیں لکھے جائیں گے۔

(۲۶) حضرت رسولِ خدا نے فرمایا کہ جو شخص اس دعا کو دس مرتبہ صبح وشام پڑھے تو خداوند تعالےٰ اُس کو چھ چیزیں مرحمت فرمائے گا۔

(۱) نجات از اغواءِ شیطان (۲) قصرِ بہشت (۳) تزویج از حور العین (۴) بہشت میں مرتبہ صلحاء و ابرار (۵) بارہ ہزار فرشتے برائے اعمالِ خیر (۶) اگر اُس روز مر جائے جس دن یہ دُعا پڑھی ہے تو حشر شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

سوائے اللہ کے کوئی خدا نہیں وہی یکتا خدا بزرگ ہے اور پاک ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

حمد تعریفیں اسی خدا کے واسطے ہیں میں خدا سے مغفرت چاہتا ہوں

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نہیں ہے مدد و یاری مگر خدائے بزرگ و برتر اسی کے

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ لَهُ

لئے ہے ابتدا اور انتہائے حقیقی مخصوص ہے وہی آثار و ذات کے اعتبار سے ظاہر

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ

بھی ہے اور پوشیدہ بھی اسی کے لئے سلطنت اور اسی کے لئے حمد ہے وہی زندہ کرتا ہے اور وہی

حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى

مارتا ہے اور وہ ایسا زندہ ہے جس کو موت نہیں اسی کے قبضۂ قدرت میں خیر و نیکی ہے اور

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

وہی ہر چیز پر قادر ہے (اسباب النجاۃ)

(۲۷) حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص قبل از طلوع و غروب آفتاب یہ دعا پڑھے تو خداوند تعالےٰ بروز قیامت اس کے واسطے آٹھوں دروازے بہشت کے کھول دے گا۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اللہ کے کوئی دوسرا خدا نہیں یہی خدا وحدت والا ہے

شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

اس کی ذات و صفات میں کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاَنَّ الدِّیْنَ کَمَا شَرَعَ

معبود یکتا کے بندہ اور رسول ہیں اور یہ کہ دین خدا ویسا ہی ہے جیسا کہ رسول نے

وَاَنَّ الْاِسْلَامَ کَمَا وَصَفَ وَالْقَوْلَ کَمَا

بیان کیا اور یہ کہ اسلام ویسا ہی ہے جیسا کہ رسول نے اس کی توصیف کی اور میں گواہی دیتا

حَدَّثَ وَالْکِتَابَ کَمَآ اَنْزَلَ وَاَنَّ اللّٰہَ

ہوں اس کے قول کے حادث ہونے اور کتاب کے منزل من اللہ ہونے کی اور بہ تحقیق کہ اللہ

ھُوَالْحَقُّ الْمُبِیْنُ ذَکَرَ اللّٰہُ مُحَمَّدًا وَّ

وہی ظاہر بظاہر حق ہے خداوند عالم نے محمد و آل محمد کو

اٰلَ مُحَمَّدٍ بِالسَّلَامِ ۝

سلام کے ساتھ یاد کیا ہے

(۲۸) حضرت رسول خدا سے روایت ہے کہ جو شخص اپنے دشمن پر فتح کا طالب ہو۔ اور بری موت مرنے سے بچا رہے تو بعد نماز صبح و شام اس دعا کو ہمیشہ پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ مِلْاَءَ الْمِیْزَانِ وَمُنْتَھَی الْعِلْمِ

بزرگ ہے وہ اللہ کہ جو میزان اعمال مخلوق پر حاوی ہے اور

جو کہ ہر علم کا انتہا

وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ وَسِعَةَ الْكُرْسِی (تین مرتبہ)

اور ہر رضا کا محل و مرتع اور عرش کی وزن اور کرسی کی (آٹھوں آسمان یا اسکی سلطنت) وسعت وسقف ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِلْاءَ الْمِيْزَانِ وَمُنْتَهَى

سوائے اُس خدا کے جو حاکم میزان اور علم کی انتہا

الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ الرِّضَا وَزِنَةَ الْعَرْشِ

اور رضا کا مبلغ اور عرش کی وزن

وَسِعَةَ الْكُرْسِی (تین مرتبہ)

اور کرسی کی وسعت سے باخبر ہے کوئی دوسرا خدا نہیں

(۲۹) حضرت رسولؐ خدا سے روایت ہے کہ جو شخص صبح کو ان چاروں تحمیدوں میں سے کوئی بھی حمد نہ پڑھے تو خداوند تعالیٰ اُس کی ظاہری نعمت کو سلب کر دیتا ہے۔

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَرَّفَنِیْ نَفْسَهٗ وَلَمْ

اس خدا کے واسطے تمام تعریفیں ہیں کہ جس نے اپنے نفس کی مجھ کو معرفت کرائی

يَتْرُكْنِیْ اَعْمَى الْقَلْبِ

اور مجھ کو دل کا اندھا کر کے نہیں چھوڑا

(ب) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَنِیْ مِنْ اُمَّۃِ

تمام تعریفیں اُسی خدا کے لئے زیبا ہیں کہ جس نے مجھ کو اُمتِ محمدیہ

مُحَمَّدٍ وَّمِنْ شِیْعَۃِ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ

اور شیعہ علی ابن ابی طالب میں سے

وَلَمْ یَجْعَلْنِیْ مِنْ سَآئِرِ الْاُمَمِ۔

قرار دیا دیگر اُمتوں میں سے نہیں بنایا

(ج) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ رِزْقِیْ فِیْ

سب تعریفیں اُسی خدا کے لئے حق ہیں کہ جس نے میری روزی اپنے قبضۂ قدرت

یَدَیْہِ وَلَمْ یَجْعَلْہُ فِیْ اَیْدِی النَّاسِ۔

میں رکھی اور مخلوق کے ہاتھ میں نہیں قرار دی

(د) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ سَتَرَ ذُنُوْبِیْ وَلَمْ

جملہ تعریفیں اُسی خدا کے لئے سزاوار ہیں کہ جس نے میرے عیوب اور گناہوں

یَفْضَحْنِیْ بَیْنَ الْخَلَآئِقِ۔

کی پردہ پوشی کی اور درمیان مخلوق مجھ کو رُسوا نہیں کیا

(۳۰) برائے دخولِ جنّت ہر صبح و شام یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ مَلٰٓئِكَتَكَ

خداوندا میں تجھ کو گواہ کرتا ہوں اور تیرے ان فرشتوں کو کہ جن کو تیری بارگاہ میں

الْمُقَرَّبِيْنَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ الْمُصْطَفِيْنَ

درجہ تقرب حاصل ہے اور تیرے عرش کے اٹھانے والوں کو جو کہ منتخب ہستیاں ہیں

اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ

ان سب کو شاہد کر کے کہتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی خدا نہیں اور تو ہی دنیا آخرت میں

الرَّحِيْمُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ

رحم کرنیوالا ہے اور نیز اس کا اقرار کرتا ہوں کہ محمدؐ تیرے بندے اور رسول

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَنَّ

ہیں اور امیر المومنین

اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِيًّا وَّالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَ

علیؑ اور حسنؑ و حسینؑ اور

عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرَ بْنَ

حسینؑ کے بیٹے علیؑ اور علیؑ کے فرزند محمدؑ اور محمدؑ کے بیٹے

مُحَمَّدٍ وَّمُوْسَى ابْنَ جَعْفَرٍ وَّعَلِيَّ بْنَ مُوْسٰى

جعفرؑ اور جعفرؑ کے دلبند موسٰیؑ اور موسٰیؑ کے صاحبزادے علیؑ

وَمُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ وَّعَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنَ بْنَ

اور علیؑ کے پسر محمد اور محمد کے بیٹے علیؑ اور علیؑ کے بیٹے حسنؑ اور

عَلِيٍّ وَّالْحُجَّةَ بْنَ الْحَسَنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

حسنؑ کے فرزند حضرت حجۃ علیہم السّلام یہ سب کے سب میرے

اَئِمَّتِيْ وَاَوْلِيَائِيْ عَلٰى ذٰلِكَ اَحْيٰ وَعَلَيْهِ

امام اور میرے سرپرست ہیں۔ اسی اقرار و شہادت پر میری

اَمُوْتُ وَعَلَيْهِ اُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ط

موت وحیات ہے اور اسی اعتقاد و یقین پر روز محشر قبر سے نکلوں گا

(۳۱) عمل آیۃ الکرسی۔ برائے مطلب حلال (منہاج العارفین) جو شخص طلوعِ صبح کے وقت کسی سے بات کرنے سے پہلے آیۃ الکرسی رُو بقبلہ گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور دوسیم یعنی يَعْلَمُ مَا بَيْنَ کے درمیان ہلاکت دشمن کا قصد کرے تو اُس کا دشمن انشاء اللہ ہلاک ہو۔ اور اگر دونوں عین یعنی يَشْفَعُ عِنْدَهٗ کے درمیان کسی کی محبت کا قصد کرے تو وہ اُس کا دوست انشاء اللہ ہو جائے۔ مجرّب ہے۔

(۳۲) بحوالہ وسائل الشیعہ برائے تلافی عبادات فوت شدہ اِس دُعا کو صبح شام پڑھے۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ

جب کرو شام کرو اور صبح کرو تو خدا کی

تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تسبیح کرو اور وہی سزاوار حمد ہے آسمانوں اور زمینوں میں

وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ

اور شب کے وقت اور دوپہر میں وہ مردہ سے زندہ

مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ

کو اور زندہ سے مردہ کو نکالتا ہے اور زمین

الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ

کو مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے اور تم اس سے نکالے جاؤ گے

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَ

تیرا پروردگار رب العزت ان باتوں سے جو لوگ کہتے ہیں پاک ہے اور

سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ

رسولوں پر سلام ہے اور اللہ رب العالمین کے واسطے حمد ہے

(۳۴) بحوالہ ثواب الاعمال اس درود جلیل القدر کو صبح تین مرتبہ اور شام تین مرتبہ پڑھے تو اس کے جملہ گناہ بخشے جائیں گے اور اس کی دعا

انشاء اللہ قبول ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ فِي الْاَوَّلِيْنَ وَ

اے میرے خدا گروہ اوّلین و

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ فِي الْاٰخِرِيْنَ وَصَلِّ

آخرین اور عرش

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ

اعظم اور زمرۂ مرسلین میں

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ

محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما

اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا اِلْوَسِيْلَةَ وَالشَّرَفَ

و نیز محمدؐ کو مرتبہ وسیلہ و شرف و

وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ اَللّٰهُمَّ

بزرگی عطا فرما اور بلند درجہ پر فائز فرما اے خدا

اِنِّيْ اٰمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَلَمْ اَرَهُمْ فَلَا

میں محمدؐ و آلِ محمدؐ پر ایمان تو لایا لیکن میں نے ان میں سے کسی

تُحَرِّمْنِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ رُؤْیَتَهُمْ وَارْزُقْنِیْ

کو کبھی نہیں دیکھا پس بروز قیامت ان حضرات کے دیدار سے محروم نہ رکھنا اور

صُحْبَتَهُمْ وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِهِمْ وَاسْقِنِیْ

ان حضرات معصومین کی محبت کی مجھ کو توفیق عنایت فرما اور انہی کے ملت و

مِنْ حَوْضِهِمْ مَشْرَبًا رَوِیًّا سَائِغًا هَنِیْئًا

مذہب پر میری موت قرار دے اور ان حضرات کے حوض سے ایسا پانی شیریں اور

لَّا اَظْمَاُ بَعْدَهٗ اَبَدًا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ

ٹھنڈا خوش ذائقہ خوش مزہ اور برکت والا پلا کہ جس کے بعد قیامت تک ہمیشہ ہمیشہ مجھے

شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ كَمَا اٰمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ

پیاس نہ لگے بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ خداوندا جیسا کہ میں بغیر دیکھے بھالے محمد

وَّاٰلِهٖ صَلَوٰتُكَ عَلَیْهِمْ وَلَمْ اَرَهُمْ فَاَرِنِیْ

و آل محمد پر ایمان لایا ہوں پس تو ان حضرات کی رویت جنت میں

فِی الْجِنَانِ وُجُوْهَهُمْ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْ رُوْحَ مُحَمَّدٍ

کرانا خداوندا روح محمد و آل محمد کو

وَّاٰلِهٖ تَحِیَّةً كَثِیْرَةً وَّسَلَامًا ۝

ہدیہ درود و سلام بکثرت پہنچے

(۳۴) جناب امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ یہ دُعا آخر الزمان صبح و شام پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ثَبِّتْ

اے وہ خدا کہ جو دلوں اور آنکھوں کو الٹ پلٹ اور پھیر دینے والا (کفر سے ایمان

قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ وَ دِیْنِ نَبِیِّکَ وَ وَلِیِّکَ

ظلمت سے نورانیت باطل سے حق کی طرف) ہے میرے دل کو اپنے اور اپنے نبی

وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنِیْ وَھَبْ لِیْ

اور ولی کے دین پر ثابت اور باقی رکھ اور میرے دل کو ہدایت کے بعد حق سے نہ پھیر

مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ

اور مجھ پر اپنی طرف سے رحمت نازل کر تو یقیناً بڑا بخشنے والا ہے

وَ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ وَ اِنْ کُنْتُ

اور مجھ کو جہنم سے بچا اگر میں تیری اصل

عِنْدَکَ فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ شَقِیًّا فَاجْعَلْنِیْ سَعِیْدًا

کتاب میں شقی (بدبخت) ہوں تو مجھ کو سعید (نیک) قرار دے

فَاِنَّکَ تَمْحُوْا مَا تَشَآءُ وَتُثْبِتُ وَعِنْدَکَ

کیونکہ تو قادر و مختار ہے جس چیز کو چاہے اپنی کتاب سے قلمزد کرے اور جس کو

# اُمُّ الْکِتَابِ ۰

جو چاہے اپنی کتاب میں باقی رکھے

(۳۵) بحوالہ منہاج العارفین و مصباح کفعمی یہ دُعا تعقیب صبح میں پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) قسم ہے صف باندھ کر کھڑے

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ

ہونیوالوں کی پھر قسم ہے جھڑکنے والوں کی پھر ذکر تلاوت کرنے والوں کی

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ؕ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بے شک تمہارا معبود ضرور یکتا ہے آسمانوں کا اور زمینوں کا

وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ

اور جو کچھ ان کے مابین ہے ان کا پرورش کرنیوالا اور مشرقوں کا مالک ہے یقیناً ہم

الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ الْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ

نے اس دنیا کے آسمان کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے اور ہر سرکش

شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى

شیطان کے لئے ان کو نگہبان بنایا ہے اب وہ ملاء اعلیٰ کی کنسوئیاں نہیں لے سکتے

وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ

اور ہر طرف سے اُن کو بھگانے کے لئے مار پڑتی ہے اور یہ اُن کے لئے

عَذَابٌ وَّاصِبٌ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ

پائدار عذاب ہے سوائے اس کے کہ کوئی اُڑتی ہوئی بات لے بھاگا

فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ

ہر ایک ستارہ ٹوٹ کر کھتا ہے تیرا پروردگار رب العزت

الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ

ان چیزوں سے پاک ہے جو کچھ لوگ کہتے ہیں اور رسولوں پہ سلام ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور خدائے رب العالمین کے واسطے حمد ہے

(۳۶) یہ دُعا وظیفہ نماز صبح میں پڑھے۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

اے گروہ جن و انس اگر تم میں طاقت ہے کہ تم زمین

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا

و آسمان کے قطاروں سے نکل جاؤ تو (جاؤ) نکل جاؤ

لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطَانٍ فَبِاَیِّ اٰلَاۤءِ رَبِّكُمَا

حالانکہ بغیر غلبہ (پائے) تم نہ نکل سکو گے پھر تم دونوں اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ یُرْسَلُ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ

نعمتیں جھٹلاؤ گے تم دونوں پر آگ کی لپیٹ اور پگھلا ہوا تانبا بھیجا جائے گا پس

نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝

تم دونوں روک نہ سکو گے

(۳۷) یہ دعا بھی تعقیب صبح میں پڑھنی چاہیئے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے بچنے کی

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ

اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر اتارتے تو تم اس کو خوفِ خدا سے لرزتا

خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ

اور پھٹتا دیکھ لیتے اور یہ

الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ

مثالیں ہم کل آدمیوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ

وہ اللہ وہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں چھپی اور کھلی کا جاننے والا

وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ هُوَ اللّٰهُ

وہی ہے رحمٰن و رحیم ہے وہ اللہ وہی

الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ ہے پاکیزہ ہے صاحب سلامتی ہے

الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ

امان عطا فرمانے والا نگہبانی کرنے والا زبردست حکم چلانے والا سب سے بڑا ہے

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ

جن جن چیزوں کو لوگ شریک قرار دیتے ہیں ان سب سے اللہ کی ذات منزہ ہے وہ اللہ

الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى یُسَبِّحُ لَهٗ

بنانے والا پیدا کرنے والا صورت عطا فرمانے والا ہے کل اچھے اچھے نام اسی کے لئے ہیں

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ

آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ بھی ہے اُسی کی تسبیح کرتا ہے وہی زبردست حکمت والا ہے

(۳۸) یہ دعا بھی مخصوص وظیفہ نماز صبح ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

رحمٰن و رحیم خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) سب تعریف اُس اللہ کے

الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ

واسطے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیریں

الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ

اور چاندنی کو مقرر فرمایا پھر اپنے پروردگار کا انکار کرنے والے اور چیزوں کو

یَعْدِلُوْنَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ

اس کے برابر ٹھہراتے ہیں وہ وہی تو ہے جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر اس نے

قَضٰۤی اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّی عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

ایک مدت مقرر کی اور مقرر کی ہوئی مدت اسی کے علم میں ہے پھر تم شک

تَمْتَرُوْنَ ۝ وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی

کرتے ہو اور وہی اللہ آسمانوں میں ہے اور زمین میں (بھی) تمہارے

الْاَرْضِ یَعْلَمُ سِرَّکُمْ وَجَهْرَکُمْ وَیَعْلَمُ

پوشیدہ کو جانتا ہے اور ظاہر کو اور جو کچھ تم کرتے

مَا تَکْسِبُوْنَ ۝

ہو اس سے آگاہ ہے

بحوالہ منہاج العارفین و مصباح کفعمی اس دعا کے پڑھنے والے پر خداوند تعالیٰ چالیس فرشتے مقرر فرماتا ہے کہ وہ اس کے لئے قیامت تک مثل اپنی عبادت کے عبادت لکھتے ہیں۔ اس کے پڑھنے والے کے لئے خداوند تعالیٰ نے بہشت واجب کرتا ہے۔

(۳۹) سلمان فارسیؓ سے مروی ہے کہ بعد نماز صبح اپنی جگہ سے اُٹھنے اور بات کرنے سے قبل اس دعا کو سو مرتبہ پڑھ لے۔ انشاء اللہ اس کا مطلب حاصل ہو۔ پڑھنے سے قبل اَلْحَمْدُ ایک مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ تین مرتبہ پڑھ کر روح سلمان فارسیؓ کو ہدیہ کرے اور تین مرتبہ درود بھیجے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ

خدائے رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اے ہمیشہ رہنے والے اے

یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وَاحِدُ یَآ

یکہ و تنہا اے حیات والے اے فرد یگانہ اے

اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ

یکتا اے بے نیاز اے وہ کہ نہ اُس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا

وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہوا اور نہ کوئی اس کے جوڑ کا ہے

(۴۰) وسعتِ رزق اور ادائے دین کے واسطے بعد نمازِ صبح یا مغرب
اِنَّا اَنۡزَلۡنٰهُ سو مرتبہ مع درود اوّل و آخر گیارہ مرتبہ پڑھنا مجرّب ہے

(۴۱) مقصدِ بالا کے واسطے سورۂ حمد چالیس۴۰ روز تک بعد نمازِ صبح چوبیس۲۴ مرتبہ بعد نمازِ ظہر تینتیس۳۳ مرتبہ۔ بعد نمازِ عصر بائیس۲۲ مرتبہ بعد نمازِ مغرب اکیس۲۱ مرتبہ اور بعد نمازِ عشا دس مرتبہ معہ درود اوّل و آخر سو سو مرتبہ پڑھنا عجیب اثر رکھتا ہے۔

(۴۲) بعد نمازِ صبح ستّر مرتبہ پڑھنا مؤثر ہے۔ تنگدستی اور فقر اُس کے قریب نہیں آتا۔

لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

نہ کسی میں قوت اور نہ طاقت مگر اللہ بزرگ و برتر میں

(۴۳) بوقتِ صبح برائے حفاظت از شر

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے بچنے کی

(۴۴) یہ دعا صبح و شام پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اُشۡهِدُكَ اِنَّهٗ مَآ اَصۡبَحَ وَاَمۡسٰی

خداوندا میں تجھ کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ جو نعمت و رحمت دینی و دنیوی مجھ پر

مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ عَافِيَةٍ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا فَمِنْكَ

صبح و شام عطا نازل ہوتی رہتی ہے وہ سب تجھ یکہ و تنہا کی طرف

وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَكَ الْحَمْدُ بِهَا عَلَيَّ وَ

سے ہے شبانہ روز مجھ پہ تیری حمد اور شکر یہ اس قدر

لَكَ الشُّكْرُ بِهَا عَلَيَّ حَتّٰى تَرْضٰى وَبَعْدَ الرِّضَا

لازم ہے کہ تو راضی ہو جائے اور بعد رضامندی بھی تیری حمد و شکر بدستور سابق واجب و لازم

(۴۵) بحوالہ بلد الامین بعد نماز صبح اس دعا کی ایک تسبیح پڑھے۔

(۲) برائے ادائے قرض صبح کو دس مرتبہ اور شام کو دس مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَا حَوْلَ وَلَا

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے نہیں ہے طاقت و

قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ تَوَكَّلْتُ عَلَى

قوت ماسوا خدا کے بلند اور بزرگ کے میں نے اس خدا پر توکل کیا جس کے

الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

لئے موت نہیں اور اس کے لئے حمد ہے جس کی نہ

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي

اولاد ہے اور نہ اس کا کوئی ملک میں شریک ہے اور نہ اس کے لئے کوئی ولی ہے

الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

بخشش والا اور وہ سب سے بزرگ ہے

(۴۶) سورج کے طلوع و غروب ہونے کے وقت دس دس مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۝

میں اس خدا کے ذریعے جو سب سے زیادہ سننے والا اور علم والا ہے ربائیوں سے اپناہ مانگتا ہوں

(۴۷) بحوالہ کتاب کافی حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ جو شخص ہر روز صبح یا شام یہ دعا دس مرتبہ پڑھے تو خداوند تعالےٰ اس کے چار ہزار گناہ کبیرہ بخش دے گا اور مرنے کے وقت عذابِ جانکنی، فشارِ قبر اور ہولِ قیامت سے محفوظ رہے گا اور حساب سے امن میں رہے گا اور شیاطین اس کو اغوا نہ کر سکیں گے اور اس کا قرض بھی ادا ہو جائے گا۔

اَعْدَدْتُّ لِكُلِّ هَوْلٍ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلِكُلِّ

ہر خوف کے دفعیہ کے لئے کلمہ لا الٰہ الا اللہ اور ہر رنج و غم

هَمٍّ وَّغَمٍّ مَّا شَآءَ اللّٰهُ وَلِكُلِّ نِعْمَةٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلِكُلِّ

سے بچنے کے لئے ماشاء اللہ اور ہر نعمت کے لئے الحمد للہ اور ہر فراخ

رَخَاءٍ اَلشُّكْرُ لِلّٰهِ وَلِكُلِّ اُعْجُوْبَةٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ

عیش کے وقت شکر خدا کرنا اور ہر انوکھی چیز کے دیکھنے کے لئے سبحان اللہ زبان و دل

وَلِكُلِّ ذَنْبٍ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلِكُلِّ مُصِيْبَةٍ اِنَّا

پر جاری کرنا اور ہر گناہ کے بعد استغفار کرنا اور ہر مصیبت کے نزول کے وقت کلمۂ

لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ وَلِكُلِّ ضِيْقٍ حَسْبِيَ

انا للہ زبان پر جاری کرنا اور ہر تنگی کے موقعہ پر خدا کو کافی و وافی

اللّٰهُ وَلِكُلِّ قَضَاءٍ وَّقَدَرٍ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ وَ

سمجھنا اور ہر قضا وقدر کے موقعہ پر خدا پر بھروسہ کرنا اور

لِكُلِّ عَدُوٍّ اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ وَلِكُلِّ طَاعَةٍ وَّ

ہر دشمن سے بچنے کے لئے خدا سے تمسک کرنا اور ہر نیکی و بدی کے موقعہ پر

مَعْصِيَةٍ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝

کلمۂ لا حول ولا قوۃ زبان پر جاری کرنا میں نے مہیا کر لیا ہے

(۸۱) جو شخص صبح و شام اِس دعا کو پڑھے تو کسی گزند پہنچانے والے سے اس کو ضرر نہ پہنچے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي

میں شروع کرتا ہوں اس کے نام کے ساتھ کہ اس کے نام کے ساتھ کوئی چیز ضرر

الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ہ

نہیں کرتی زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے

(۴۹) برائے زیادتی رزق از ثقۃ الاسلام علامہ نوری عالم ربانی حاجی فتح علی
بعد نماز صبح ستر بار یَا فَتَّاحُ اس کے بعد ہر روز یہ دعا پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ

نہیں ہے قدرت ترکِ گناہ پر اور نہیں ہے قوت اطاعت پر مگر اللہ کے سبب سے

الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ

میں نے اس خدا پر بھروسہ کیا کہ جس کے لئے کبھی موت نہیں اور اس کے لئے حمد ہے جس کے

يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي

لئے کوئی حاجت نہیں اور نہ اس کے لئے اولاد ہے اور نہ اس کا کوئی ملک میں

الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

شریک ہے اور نہ اس کے لئے کوئی ولی ہے بخشش والا اور

وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ہ

وہ سب سے بزرگ ہے

پھر یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ

خدا کے نام سے شروع ہے خداوند محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت کاملہ نازل فرما اور میں

اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ

اپنا سارا معاملہ اللہ ہی کے سپرد کرتا ہوں کیونکہ وہ اپنے بندوں کے حالات سے

بِالْعِبَادِ ۝ فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا ۭ لَآ

بخوبی واقف ہے پس خدا محفوظ رکھے اس کو اُن کی چالوں کی خرابیوں سے تیرے

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

سوا کوئی معبود نہیں تو پاک و پاکیزہ ہے یقیناً میں قصورواروں میں سے ہوں

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ

پس ہم نے اُن کی دعا سن لی (قبول کی)، اور اُن کو رنج و غم سے نجات

نُـْۨجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝

دی۔ اسی طرح ہم ایمان والوں کو نجات دیا کرتے ہیں اور خدا ہمارے لئے کافی اور کیا ہی

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ

اچھا کارساز ہے پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور خوشنودی کے ساتھ گھر واپس ہوئے اور انکو

سُوْۗءٌ ۙ مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۙ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

کوئی برائی چھو بھی نہیں گئی سب کچھ خدا کی مرضی سے ہے کسی میں کوئی طاقت و قوت نہیں بغیر خدا کی مدد کے

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا مَا شَآءَ النَّاسُ مَا شَآءَ اللّٰهُ وَ

سب کچھ خدا ہی کی رضی سے ہے نہ کہ لوگوں کے چاہنے سے سب کچھ خدا ہی کے چاہنے

اِنْ كَرِهَ النَّاسُ حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ

سے ہے اگرچہ لوگ کراہت کریں تمام پالنے والوں سے مجھ کو پروردگار کافی ہے

حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ حَسْبِيَ الرَّازِقُ

مجھے سب کا پیدا کرنے والا کافی ہے تمام مخلوق سے مجھ کو رزق دینے والا کافی

مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

ہے تمام رزق پانے والوں سے۔ مجھ کو کافی ہے تمام جہان کا پالنے والا خدا

حَسْبِيْ مَنْ هُوَ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ لَّمْ يَزَلْ

مجھ کو کافی ہے جو ہمیشہ سے ہے بلکہ جب سے وہ چاہے اور

حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ لَمْ يَزَلْ

جب تک میں ہوں وہی اللہ

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

کافی ہے اُسی پر میرا توکل ہے

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اور وہ بڑے تخت کا مالک ہے

(۵۰) صبح و شام تین مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو اس کی برکت سے

سات پشت تک محتاج نہ ہوگا۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَبُّ یَا رَبُّ یَا رَبُّ

اے خدا! اے میرے پالنے والے!

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُکَ

اے وہ ذات کہ جو ہمیشہ زندہ اور قائم و دائم ہے اے صاحب عظمت و جلالت میں تیرے

بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ

اسم اعظم کے واسطے سے تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ مجھ کو اپنی رحمت سے ایسی روزی

رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِكَ یَا

وسیع عنایت کر کہ جو حلال اور پاک و پاکیزہ ہو اے رحم کرنے والوں سے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

زائد رحم کرنے والے! میری یہ آرزو پوری کر

(۵۱) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ برائے حفاظت ہر خوف اس دعا کو صبح و شام تین مرتبہ پڑھے۔

اَصْبَحْتُ بِذِمَّةِ اللّٰهِ وَ ذِمَمِ اَنْبِیَائِهٖ وَ

صبح کی میں نے اللہ کی عہد اور اس کی ذمہ داری سے اور اس کے نبیوں بعد

ذِمَمِ رُسُلِهٖ وَذِمَمِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

رسولوں کی اور محمدؐ و آلِ محمدؐ کی مدد سے

وَاٰلِهٖ وَذِمَمِ الْاَوْصِیَآءِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ ج

اور اوصیاءؑ کی مدد سے ایمان لایا

اٰمَنْتُ بِسِرِّهِمْ وَعَلَانِیَتِهِمْ وَشَاهِدِهِمْ

میں اُن کے ظاہر و باطن حاضر و غائب پر اور شہادت دیتا

وَغَآئِبِهِمْ وَاَشْهَدُ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ وَطَاعَةِ

ہوں ہیں اللہ کی حضوری اور طاعت

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَالسَّلَامُ عَلَیْهِمْ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں

(۵۲) بحوالہ مقیاس حضرت امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ اس دُعا کو صبح کی نماز کے بعد پڑھو تو تمہارے مال وجان جملہ بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا عَالِمًا بِكُلِّ خَفِیَّةٍ

اے ہر پوشیدہ چیز کے جاننے والے اے وہ ذات کہ جس کی قدرت میں آسمانوں

يَا مَنِ السَّمَاءُ بِقُدْرَتِهٖ مَبْنِيَّةٌ يَا مَنِ الْاَرْضُ

کے زریں خیمے اور زمین کا چوڑا چکلا فرش ہے اے وہ ذات کہ جس کے

بِقُدْرَتِهٖ مَدْحِيَّةٌ يَا مَنِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

نور جلال سے سورج و چاند روشن ہیں

بِنُوْرِ جَلَالِهٖ مُضِيْئَةٌ يَا مَنِ الْبِحَارُ بِقُدْرَتِهٖ

اے وہ ذات کہ جس کی قدرت سے

مُجْرِيَّةٌ يَا مُنْجِيَ يُوْسُفَ مِنْ رِقِّ الْعُبُوْدِيَّةِ

دریاؤں کی روانی ہے اور اے یوسف کو غلامی کے دھبہ سے نجات دینے والے

يَا مَنْ يَّصْرِفُ كُلَّ نِقْمَةٍ وَّبَلِيَّةٍ يَا مَنْ

اور ہر بلا و وبا کے لوٹا دینے والے اے وہ ذات کہ جس سے سوال

حَوَائِجُ السَّائِلِيْنَ عِنْدَهٗ مَقْضِيَّةٌ يَا مَنْ

کرنے والوں کی حاجتیں پوری ہوتی ہیں اور اے وہ ذات کہ جس کے

لَيْسَ لَهٗ حَاجِبٌ يُّغْشٰى وَلَا وَزِيْرٌ يُّرْشٰى

لئے کوئی پردہ نہیں جو اس کو پوشیدہ کرے اور نہ کوئی ایسا وزیر جو رشوت لے ہیں

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاحْفَظْنِيْ فِيْ

تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور سفر و حضر میں

سَفَرِیْ وَحَضَرِیْ وَلَیْلِیْ وَنَہَارِیْ وَیَقْظِیْ

سفر حضر شب روز سوتے جاگتے

وَمَنَامِیْ وَنَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ

میری اور عیال اولاد کی اور مال ومتاع کی حفاظت کر آفت ارضی وسماوی سے

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَحْدَہٗ ط

بچا اور تعریف ہے اس خدا کے لئے جو یکتا ہے

(۵۳) جو شخص اس دعا کو روزانہ صبح تین مرتبہ پڑھے تو اس دن حرق سرق وغرق سے محفوظ رہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ

خدائے رحمٰن ورحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے شروع

لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ کُلُّ نِعْمَۃٍ

سب کچھ خدا کی رضی سے ہے بغیر خدا کی مدد کے کوئی قوت نہیں ہے سب کچھ خدا کی رضی سے ہے ہر

مِّنَ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ کُلُّہٗ بِیَدِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ

نعمت خدا کی طرف سے ہے سب کچھ خدا کی رضی سے ہے ہر چیز خدائے بزرگ و برتر کے قبضۂ

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا یَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا

قدرت میں ہے سب کچھ خدا کی رضی سے ہے اللہ ہی برائی کو دفع کرتا ہے نہیں ہے

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ یَا رَبِّ ۰

کوئی قوت و طاقت مگر اللہ بزرگ کی مدد سے۔

(۵۴) بحوالہ کتاب محاسن الآداب رجب تعقیبِ نمازِ صبح سے فارغ ہو تو دس مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ دس مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ دس مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ اور دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اور دس مرتبہ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور دس مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۰ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور دس مرتبہ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَافِیَةَ اور دس مرتبہ اَسْتَجِیْرُ بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ اور دس مرتبہ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْجَنَّةَ اور دس مرتبہ اَسْئَلُ اللّٰهَ الْحُوْرَ الْعِیْنَ اور دس مرتبہ یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ قَدْ رَضِیْتُ بِقَضَآئِکَ وَسَلَّمْتُ لِاَمْرِکَ

اے میرے اللہ میں تیرے حکم سے راضی ہوا اور میں نے تیرے حکم کو مان لیا

اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِیْ وَاکْفِنِیْ مَآ اَهَمَّنِیْ ۔

اے میرے اللہ مجھ کو آزاد کر دے اور غم دور کر دے۔

بعدہٗ دس مرتبہ یہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَوْسِعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ وَامْدُدْلِیْ فِیْ

اے میرے اللہ مجھ پر رزق کی توسیع کر اور میری عمر

عُمْرِیْ وَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ

دراز کر اور میرے گناہ بخش دے اور مجھ کو اُن لوگوں میں سے

یَّنْتَصِرُبِہٖ لِدِیْنِکَ

قرار دے جو تیرے دین کے لئے نصرت کرتے ہیں

اس کے بعد پندرہ مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حَقًّا حَقًّا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

نہیں ہے کوئی اور سوائے اللہ کے از روئے حق کے حق نہیں ہے کوئی اللہ بجز

اِیْمَانًا وَّصِدْقًا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عُبُوْدِیَّۃً

اللہ کے از روئے ایمان کے اور صدق کے نہیں ہے کوئی اللہ بجز اللہ کے لائق عبودیت

وَّرِقًّا ط سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

پاک ہے بزرگ اللہ اور وہی لائق حمد ہے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ ج

میں استغفار کرتا ہوں اُس سے اور سوال کرتا ہوں اس کے فضل سے

برائے ترقی رزق اس تسبیح کو پڑھنا چاہیئے۔

آں حضرت صلعم نے ان عورتوں کو جو مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ میں آئی تھیں اُن کو یہ تسبیح تعلیم فرمائی تھی اور تاکید کی تھی کہ کبھی فراموش نہ کرنا اور تہلیل و تقدیس سے غافل نہ ہونا۔

(۵۵) دُعا نمبر شمار ۵ د مغرب بالعبد نماز صبح پڑھے۔

(۵۶) حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا ہے کہ فرشتوں نے مجھے ایک دُعا تبلائی جو صبح و شام پڑھا کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّ ظُلْمِیْ اَصْبَحَ مُسْتَجِیْرًا بِعَفْوِكَ

یا اللہ رات بھر میں جو بات مجھ سے بیجا ہوئی ہے وہ تیری معافی کے بھروسہ پر

وَذَنْبِیْ اَصْبَحَ مُسْتَجِیْرًا بِمَغْفِرَتِكَ وَ ذُلِّیْ

اور جو گناہ مجھ سے ہوا وہ تیری مغفرت کے سہارے پر اور جو ذلت مجھے پہنچی

اَصْبَحَ مُسْتَجِیْرًا بِعِزَّتِكَ وَفَقْرِیْ اَصْبَحَ

وہ تیری عزت کے برتے پر (یعنی تیرا عزت دینا اُسے ذلت نہ رہنے دیگا) اور میرا فقر و فاقہ

مُسْتَجِیْرًا بِغِنَاكَ وَوَجْهِیَ الْفَانِیْ اَصْبَحَ

تیرے غنی کر دینے کی بدولت فقر و فاقہ نہ رہے گا اور میری فنا ہو جانے والی ذات تیری

مُسْتَجِیْرًا بِوَجْهِكَ الْبَاقِی الَّذِیْ لَا یَفْنٰی

ہمیشہ رہنے والی اور غیر فانی ذات کی پناہ میں ہے

نوٹ - بوقت شام بجائے اَصْبَحَ کے ہر جگہ اَمْسٰی کہے (دن بھر میں)

(۵۷) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کو تسبیح حضرت فاطمہؑ و دیگر تعقیبات سے قبل پڑھے تو خداوند تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دے گا اور وہ امراض جسمانی جنون، جذام، برص و بلاہائے آسمانی اور فقر و فاقہ سے تا سال آئندہ محفوظ رہے گا۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ

اللہ وحدہٗ لاشریک کے علاوہ کوئی خدا نہیں اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود

عَلَى النَّبِيِّ يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ

بھیجتے ہیں اے ایمان دارو تم بھی محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ اَللّٰهُمَّ

درود و سلام بھیجو میں حاضر ہوں موجود ہوں خداوندا! تو

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ

محمدؐ و آل محمد اور اس کے اہل بیت پر

وَذُرِّيَّتِهٖ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

اور اس کی عترت پر درود و سلام بھیج اور ان سب پر رحمت

وَبَرَكَاتُهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ التَّسْلِيْمَ مِنَّا لَهُمْ

و برکت اپنی نازل فرما اور میں تسلیم و اتمام و تصدیق

وَالْاِئْتِمَامِ بِهِمْ وَالتَّصْدِيْقِ لَهُمْ رَبَّنَا اٰمَنَّا

کی گواہی دیتا ہوں کہ یہ سب ہماری طرف سے انہی حضرات اہل بیت اطہار کے لئے

وَصَدَّقْنَا وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

ہے خداوندا ہم ایمان لائے اور ہم نے تیرے رسول کی تصدیق اور پیروی کی پس تو

الشّٰهِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صُبَّ الرِّزْقَ عَلَيْنَا صَبًّا

شاہدین (گواہ تصدیق کنندوں) کی فہرست میں ہم کو درج کر، خداوندا ہم کو بکثرت رزق عطا کر

صَبًّا بَلَاغًا لِّلْاٰخِرَةِ وَالدُّنْيَا مِنْ غَيْرِ كَدٍّ

ایسا رزق دے کہ جو دنیا و عقبیٰ میں کافی ہو اور بلا زحمت و مشقت حاصل ہو اور کسی

وَّلَا نَكَدٍ وَّلَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ اِلَّا سَعَةً

مخلوق کا درمیان اس میں نہ ہو پاک و پاکیزہ وسعت والا رزق

مِّنْ رِّزْقِكَ وَطَيِّبًا مِّنْ بَذْلِكَ اَلْمَلَاٰىِٕ لَا

عطا کر اپنے بھرپور ہاتھ سے نہ کہ بخیلوں کے ہاتھ

مِنْ اَيْدِىْ لِئَامِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ النُّوْرَ

سے اے اللہ میرے دین میں نور

وَالْبَصِيْرَةَ فِىْ دِيْنِىْ وَالْيَقِيْنَ فِىْ قَلْبِىْ

اور زیر کی قرار دے اور میرے دل میں یقین

وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَالسَّعَۃَ فِیْ رِزْقِیْ وَ

اور میرے عمل میں اخلاص اور میرے رزق میں وسعت فرما اور

ذِکْرَکَ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ عَلٰی لِسَانِیْ وَالشُّکْرَ لَکَ

شبانہ روز اپنا ذکر میری زبان پر جاری کر اور جب تک تو مجھے

اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ ط اَللّٰھُمَّ لَا تَجِدْنِیْ حَیْثُ

زندہ رکھے میں تیرا شکر برابر کرتا رہوں اس کی توفیق عنایت فرما اے خدا جس مقام

نَھَیْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَآ اَعْطَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ

اور جس چیز سے تو نے مجھے منع کیا ہے وہاں مجھے نہ دیکھیو اور جو کچھ تو نے مجھے دیا ہے

اِذَا تَوَفَّیْتَنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ

اس میں برکت عطا فرما اور وقت فوت مجھ پر رحم کر بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

(۵۸) بحار الکتاب ثواب الاعمال۔ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا ہے کہ جو تسبیحات اربعہ ہر نماز فریضہ کے بعد پاؤں کو حرکت دئے بغیر پڑھے تو جو کچھ خدا سے طلب کرے گا انشاء اللہ وہی ملے گا۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا

پاک ہے اللہ اور اللہ کے واسطے حمد ہے اور کوئی اور اللہ نہیں

اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ه

مگر وہ اللہ جو سب سے بزرگ ہے

(۵۹) حضرت نے فرمایا ہے کہ نماز سے فارغ ہو کر تکبیرات کے بعد یہ دُعا پڑھے۔ اور اس کو ترک نہ کرے کہ اس سے شکر نعمت حق تعالےٰ ادا ہوتا ہے۔ (کتاب ثواب الاعمال)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

شروع کرتا ہوں نام اللہ رحمٰن رحیم کے ساتھ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ نَصَرَ

کوئی اللہ نہیں بجز اللہ واحد کے جس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اس نے

عَبْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ وَغَلَبَ الْاَحْزَابَ

بندہ کی مدد کی اور گروہوں پر غالب ہوا اور غالب کیا اپنے لشکر کو وہ

وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَ

اکیلا ہے پس اس کے لئے ملک ہے اور اس کے لئے حمد ہے جو سب کو جلاتا ہے

يُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ه

اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

(۶۰) جو شخص نماز کے بعد بغیر زانو بدلے یہ استغفار تین مرتبہ پڑھے تو خداوند تعالےٰ اُس کے جملہ گناہ اگرچہ مانندِ کفِ دریا کے ہوں بخش دے گا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ

میں اس خدا سے توبہ کرتا ہوں جو ہمیشہ زندہ اور قائم ہے

الْقَیُّوْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور جلال اور بخشش والا ہے اور توبہ کرتا ہوں اُس کی طرف

(۶۱) امام جعفر صادقؑ نے فرمایا ہے کہ منجملہ حقوق واجبہ کے ہمارے شیعوں میں یہ امر بھی لازمی ہے کہ وہ بعد نماز فریضہ جب تک یہ دُعا نہ پڑھ لیں اُس وقت تک طریق نشست تشہد کو تبدیل نہ کریں۔ اس دعا کے پڑھنے کے بے شمار فوائد ہیں۔

اَللّٰھُمَّ بِبِرِّکَ الْقَدِیْمِ وَرَاْفَتِکَ بِبَرِیَّتِکَ

اے اللہ تو اپنے قدیمی احسان اور اپنی مہربانی کے ذریعے سے اور اپنی نیکی و

اللَّطِیْفَۃِ وَشَفَقَتِکَ وَبِصَنْعَتِکَ الْمُحْکَمَۃِ

مہربانی کے ذریعہ سے اور اپنی مضبوط صنعت اور قدرت کے

وَقُدْرَتِکَ بِسَتْرِکَ الْجَمِیْلِ وَعِلْمِکَ

عمدہ و خوبصورت پردے کے ذریعہ سے اور اپنے علم کے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَحْیِ قُلُوْبَنَا بِذِکْرِکَ

ذریعہ سے محمدؐ و آل پر رحمت بھیج ہمارے دلوں کو اپنی یاد

وَاجْعَلْ ذُنُوْبَنَا مَغْفُوْرَةً وَّ عُیُوْنَنَا مَسْطُوْرَةً

سے زندہ رکھ اور ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری آنکھوں

وَّ عُیُوْبَنَا مَسْتُوْرَةً وَّ فَرَآئِضَنَا مَشْکُوْرَةً

کو روشن رکھ اور ہمارے عیبوں کو پوشیدہ رکھ اور ہمارے فرائض کو ادا کر

وَّ نَوَافِلَنَا مَبْرُوْرَةً وَّ قُلُوْبَنَا بِذِکْرِکَ مَعْمُوْرَةً

اور ہمارے نوافل کو نیک ٹھہرا اور ہمارے دلوں کو اپنے ذکر سے آباد رکھ

وَّ نُفُوْسَنَا بِطَاعَتِکَ مَسْرُوْرَةً وَّ عُقُوْلَنَا

اور ہمارے نفسوں کو اپنی عبادت سے خوش رکھ ہماری عقلوں کو اپنی

بِتَوْحِیْدِکَ مَجْبُوْرَةً وَّ اَرْوَاحَنَا عَلٰی دِیْنِکَ

توحید پر مجبور کر اور ہماری روحوں کو اپنے دین پر

مَفْطُوْرَةً وَّ جَوَارِحَنَا عَلٰی خِدْمَتِکَ مَقْهُوْرَةً

پیدا کر اور ہمارے اعضاء کو اپنی خدمت پر مامور کر

وَّ اَسْمَآئَنَا فِیْ خَوَآصِّکَ مَشْهُوْرَةً وَّ حَوَآئِجَنَا

اور ہمارے ناموں کو اپنے خاص ناموں کے ساتھ مشہور کر اور ہماری حاجتوں کو

لَدَیْکَ مَیْسُوْرَۃً وَّ اَرْزَاقَنَا مِنْ خَزَآئِنِکَ

اپنے نزدیک آسان فرما اور ہمارے رزقوں کو اپنے خزانے سے جاری فرما

مَدْرُوْرَۃً ۵ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

تو وہ خدا ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تحقیق کہ جس نے

لَقَدْ فَازَ مَنْ وَّالَاکَ وَسَعِدَ مَنْ نَّاجَاکَ

تجھ سے محبت کی وہ کامیاب ہوا اور جس نے تجھ سے مناجات کی وہ نیک بخت ہو گیا

وَعَزَّ مَنْ نَّادَاکَ وَظَفِرَ مَنْ رَّجَاکَ وَ

اور جس نے تجھ کو پکارا وہ غالب ہوا۔ اور جس نے تجھ سے اُمید کی وہ کامیاب ہوا۔ اور

غَنِمَ مَنْ قَصَدَکَ وَرَبِحَ مَنْ تَاجَرَکَ ۵

جس نے تیرا قصد کیا اُس نے نفع اٹھایا اور جس نے تجھ سے تجارت کی اُس نے فائدہ اٹھایا

(۶۲) جب نماز سے فارغ ہو تو سنّت ہے کہ یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ

اے میرے اللہ درود بھیج محمد و آلِ محمد پر اور

اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ وَارْزُقْنِی الْجَنَّۃَ

مجھ کو دوزخ سے محفوظ رکھ اور مجھ کو جنت عطا فرما

# وَزَوِّجْنِي الْحُورَ الْعِيْنِ

اور حور عین کے ساتھ میری شادی کر

حدیث میں ہے کہ خداوند تعالےٰ سے بہشت کا سوال کرے۔ اور آتش دوزخ سے پناہ مانگے اور خدا سے حُور العین طلب کرے۔

(۶۳) اِس دُعا کو بعد نمازِ صبح ہرگز ترک نہ کرے۔ اور بعد نماز پنج گانہ پابندی کے ساتھ ضرور پڑھے۔

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو رحمٰن و رحیم ہے

# اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الرَّاحَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ

اے اللہ میں تجھ سے موت کے وقت راحت کا سوال کرتا ہوں اور بعد موت

# وَالْمَغْفِرَةَ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ

کے بخشش کا اور حساب کے وقت بخشش کا


پاکستان کی مقبول ترین

## امامیہ جنتری

ہر سال نومبر میں شائع ہو جاتی ہے

ناشر: افتخار بک ڈپو۔ اسلام پورہ لاہور

# تعقیب نمازِ ظہر

(۱) بحوالہ جامع الاخبار مستحب ہے کہ نمازِ ظہر کے بعد اپنے داہنے ہاتھ سے اپنی ڈاڑھی کو پکڑ کر اپنا بایاں ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرے۔ اور سات مرتبہ کہے۔

یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

اے محمدؐ و آلِ محمدؐ کے پروردگار تو محمدؐ و آلِ محمدؐ کے اوپر رحمت کاملہ نازل فرما

آلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَعْتِقْ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ ط

اور آزاد کر میری گردن دوزخ کی آگ سے

(۲)

جنابِ رسولِ خدا نمازِ ظہر کے بعد یہ دُعا پڑھتے تھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ الْحَكِیْمُ ط لَآ

کوئی اللہ نہیں ہے سوائے بڑی حکمت والے اللہ کے سوائے اللہ کے کوئی

اِلٰهَ اِلَّا اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ط وَالْحَمْدُ

معبود نہیں ہے جو بزرگ عرش کا پالنے والا ہے اور تمام تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ

اُس اللہ کے لئے ثابت ہیں جو جہانوں کا پالنے والا ہے اے میرے اللہ میں تیری رحمت کے

رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ

اسباب کا سوال کرتا ہوں اور تیری مغفرت کے ارادوں کا اور غنیمت کا ہر

مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ اَللّٰهُمَّ

نیکی سے اور ہر گناہ سے سلامتی کا اے خدا مجھ پہ

لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا

کوئی گناہ مت چھوڑ مگر تو اُس کو بخش دے اور کوئی غم جس کو

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا كَرْبًا اِلَّا كَشَفْتَهٗ وَلَا

تو دور کر دے اور کوئی سختی جس کو رفع نہ کر دے اور نہ

سُقْمًا اِلَّا شَفَيْتَهٗ وَلَا عَيْبًا اِلَّا سَتَرْتَهٗ وَلَا

کوئی بیماری جس کو شفا نہ دے اور نہ کوئی عیب جس کو تو چھپا نہ دے اور نہ

رِزْقًا اِلَّا بَسَطْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ

کوئی روزی جس کو تو کشادہ نہ کر دے اور نہ کوئی قرض جس کو ادا نہ کر دے

وَلَا خَوْفًا اِلَّا اٰمَنْتَهٗ وَلَا سُوْٓءًا اِلَّا صَرَفْتَهٗ

اور نہ کوئی خوف جس سے تو بےخوف نہ کر دے اور نہ کوئی بدی جس کو تو پھیر نہ دے

وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى وَّلِيَ فِيهَا صَلَاحٌ

اور نہ کوئی حاجت جس میں تیری خوشنودی ہو اور میری اس میں فلاح ہو مگر

اِلَّا قَضَيْتَهَا آمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ہ

اُس کو پورا نہ کر دے آمین اے جہانوں کے پالنے والے

(۳) بحوالہ سید ابن طاؤس امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جناب رسالت مآبؐ اور اُن کے اہل بیت اطہار پر ہر نماز ظہر و عصر کے درمیان درود بھیجنا ستر رکعتوں کے ثواب کے برابر ہے۔

(۴) حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جب نماز ظہر سے فارغ ہو تو دس مرتبہ پڑھو۔

بِاللّٰهِ اعْتَصَمْتُ وَبِاللّٰهِ اَثِقُ وَعَلَيْهِ اَتَوَكَّلُ

اللہ کو میں نے مضبوط پکڑا اور اللہ ہی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور اُسی پر توکل

بعد ازاں کہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنْ عَظُمَتْ ذُنُوْبِيْ فَاَنْتَ اَعْظَمُ

اے اللہ اگر میرے گناہ بڑے ہیں تو تُو بہت بڑا ہے

وَاِنْ كَبُرَ تَفْرِيْطِيْ فَاَنْتَ اَكْبَرُ وَاِنْ

اور اگر میری کوتاہی و تقصیر زیادہ ہے تو تُو بہت بڑا ہے اور اگر

دَامِ بُخْلِي فَأَنْتَ أَجْوَدُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي عَظِيمَ ذُنُوبِي

میری کنجوسی زیادہ ہے تو تو بہت سخی ہے اے خدا مجھ کو میرے بڑے گناہوں کو بخش دے

بِعَظِيمِ عَفْوِكَ وَتَفْرِيطِي بِظَاهِرِ كَرَمِكَ وَاقْمَعْ بُخْلِي

اور میری بڑی کوتاہی کو اپنی ظاہری بخشش کے عوض میں بخشش دے اور اپنی

بِفَضْلِ جُودِكَ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنْكَ

بخشش کی بزرگی سے میرے بخل کو چکنا چور کر دے اے خدا جو کچھ نعمت ہمارے پاس ہے وہ تیری

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ

ہی ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے میں تجھ سے استغفار چاہتا ہوں اور تجھ ہی سے معافی چاہتا ہوں

(۵) بحوالہ کتاب فقہ الرضا بعد نماز ظہر ہاتھ آسمان کی طرف بلند کرے اور یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ بِجُودِكَ وَكَرَمِكَ

اے میرے اللہ میں تقرب ڈھونڈھتا ہوں تیری طرف تیرے بخشش و کرم سے اور

وَأَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ

تقرب چاہتا ہوں تیرے محمد صلعم سے جو تیرے بندے اور رسول ہیں

وَأَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ بِمَلٰئِكَتِكَ وَرُسُلِكَ وَ

اور تیرا تقرب چاہتا ہوں تیرے ملائکہ اور رسولوں سے اور

اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمتِ کاملہ نازل فرما۔

وَّ اَسْئَلُكَ اَنْ تُقِیْلَ عَثْرَتِیْ وَ تَسْتُرَ

اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری لغزش کو دور کر اور میرے عیب کو

عَوْرَتِیْ وَ تَغْفِرَ ذُنُوْبِیْ وَ تَقْضِیَ حَوَآئِجِیْ وَ

چھپا اور میرے گناہوں کو بخش اور میری حاجتوں کو پورا کر اور

لَا تُعَذِّبْنِیْ بِقَبِیْحِ فِعَالِیْ فَاِنَّ جُوْدَكَ وَ

مجھ پر عذاب نہ کر میری بدفعالی کی وجہ سے اس لئے کہ بیشک تیری بخشش اور

عَفْوَكَ یَسَعُنِیْ ۞

تیری معافی گنجائش دیتی ہے

بعدازاں سجدے میں یہ دعا پڑھو:۔

یَآ اَهْلَ التَّقْوٰی وَالْمَغْفِرَةِ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اے پرہیزگاری اور بخشش والے اور رحم کرنے والوں میں زیادہ رحیم

اَنْتَ مَوْلَایَ وَسَیِّدِیْ وَرَازِقِیْ اَنْتَ خَیْرٌ لِّیْ

تو میرا مولا اور سردار ہے اور رازق ہے تو میرے لئے میرے

مِنْ اَبِیْ وَاُمِّیْ وَمِنَ النَّاسِ اَجْمَعِیْنَ بِیْ

ماں باپ اور تمام انسانوں سے بہتر ہے میرا فقر

اِلَیْکَ فَقْرٌ وَّفَاقَۃٌ وَّ اَنْتَ غَنِیٌّ عَنِّیْ

اور فاقہ تجھ ہی سے ہے اور تو مجھ سے بے پروا ہے

اَسْئَلُکَ بِوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَاَسْئَلُکَ اَنْ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری بزرگ ذات سے اور اس امر کا سوال کرتا

تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اِخْوَانِہٖ

ہوں کہ محمدؐ پر رحمت کاملہ نازل فرما اور انکے اور مثل دیگر

النَّبِیِّیْنَ وَالْاَئِمَّۃِ الطَّاھِرِیْنَ وَ

انبیاء کے اور پاک اماموں کے اور

تَسْتَجِیْبَ دُعَآئِیْ وَتَرْحَمَ تَضَرُّعِیْ وَ

میری دعا قبول کر اور میری عاجزی پر رحم فرما اور مجھ سے

اصْرِفْ عَنِّیْ اَنْوَاعَ الْبَلَآءِ یَا رَحْمٰنُ ہ

دور کر قسم قسم کی بلائیں اے رحم کرنے والے

(۶) حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص نماز ظہر کے بعد ان الفاظ کو پڑھے تو وہ شخص تا ظہور قائم آل محمد زندہ و سلامت

رہے گا اور ملازمت میں حضرت کی ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ عَجِّلْ فَرَجَهُمْ۔

(۷) بحوالہ بلد الامین نماز ظہر کے بعد اس دعا کو پڑھنا چاہیئے۔ اس کے پڑھنے کے بہت ثواب ہیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ

اے اللہ ساتوں آسمانوں کے پالنے والے اور ساتوں زمینوں کے مالک

السَّبْعِ وَمَا فِيْهِنَّ وَمَا بَيْنَهُنَّ وَمَا تَحْتَهُنَّ

اور جو ان میں ہے اور جو ان کے درمیان ہے اور جو ان کے نیچے ہے

وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَجِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ

اور اے بڑے عرش کے پالنے والے اور جبرئیل و میکائیل

وَاِسْرَافِيْلَ وَرَبَّ السَّبْعِ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنِ

اور اسرافیل کے پالنے والے اور اے ساتوں آیتوں اور بڑے قرآن کے

الْعَظِيْمِ وَرَبَّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

پالنے والے اور اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پالنے

وَسَلِّمْ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

والے جو خاتم النبیین ہیں رحمت کاملہ نازل فرما محمدؐ اور انکی آل پر

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ الَّذِىْ بِهٖ

اور تیرے اسم اعظم سے یہ سوال کرتا ہوں کہ جس سے

تَقُوْمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ وَبِهٖ تُحْيِى الْمَوْتٰى

آسمان و زمین قائم ہیں اور جس سے تو مردوں کو زندہ کرتا ہے

وَتَرْزُقُ الْاَحْيَآءَ لَا تُفَرِّقْ بَيْنَ الْمُجْتَمِعَ

اور رزق دیتا ہے زندوں کو مجموعی صورت کے درمیان تفرقہ مت ڈال

وَاجْمَعْ بَيْنَ الْمُفْتَرِقِ وَبِهٖ اَحْصَيْتَ عَدَدَ

اور متفرق کو جمع کر اور اسی کے ذریعہ سے مرتوں کے عدد

الْاٰجَالِ وَوَزْنَ الْجِبَالِ وَكَيْلَ الْبِحَارِ

کو گھیرا ہے اور پہاڑوں کے وزن کو اور دریاؤں کے ناپ کو

اَسْئَلُكَ يَا مَنْ هُوَ كَذٰلِكَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے وہ جو ایسا ہے کاملہ رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تَفْعَلَ بِىْ كَذَا وَكَذَا

محمدؐ اور ان کی آل پر اور میرے ساتھ ایسا ایسا کر (اپنی حاجت کا ذکر کرنا چاہیئے

امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ یہ آیت بہت پڑھا کرو۔ اور کسی وقت راہِ حق سے ہٹ جانے سے مطمئن نہ ہو جانا۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا

اے ہمارے پروردگار بعد اس کے کہ تو ہم کو ہدایت کر چکا ہمارے دل حق سے نہ ہٹا

وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ

اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت عنایت فرما بے شک تو سب سے

اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝

بڑا عطا کرنے والا ہے

# تعقیب نماز عصر

(۱) حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص بعد نماز عصر ستر مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھے خداوند تعالیٰ اُس کے سات سو گناہ بخش دیتا ہے۔

(۲) امام جعفر صادقؑ نے فرمایا ہے کہ بہترین اعمال نماز عصر کے بعد سو مرتبہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ اور جس قدر زیادہ پڑھے ثواب ہے۔

(۳) حضرت امام محمد تقیؑ سے مروی ہے کہ جو شخص بعد نماز عصر دس مرتبہ سورۂ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ پڑھے تو اُس روز تمام دُنیا کے ثواب کے برابر اُس کو ثواب ملے گا۔

(۴) جنابِ رسولِ خداؐ سے روایت ہے کہ جو شخص نمازِ عصر کے بعد ایک مرتبہ استغفار پڑھے تو خداوند تعالےٰ اُس کے دونوں فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ اُس کے گناہوں کا اعمال نامہ چاک کر ڈالیں۔ وہ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں اس خدا سے گناہوں کی بخشش چاہتا ہوں کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ ہے اور

الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

سارے جہان کا تھامنے والا ہے اور رحمٰن و رحیم ہے جلالت اور بزرگی والا ہے

وَاَسْئَلُهٗ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیَّ تَوْبَةَ عَبْدٍ ذَلِیْلٍ

اور میں اُس سے یہ سوال کرتا ہوں کہ میری توبہ قبول فرمائے اپنے اس بندہ کی توبہ جو

خَاضِعٍ فَقِیْرٍ بَآئِسٍ مِسْکِیْنٍ مُّسْتَکِیْنٍ مُّسْتَجِیْرٍ

ذلیل ہے عاجزی کرنے والا ہے فقیر ہے سختی میں مبتلا ہے محتاج ہے گڑگڑانے والا ہے

لَا یَمْلِكُ لِنَفْسِهٖ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا

پناہ چاہنے والا ہے کہ نہ اپنے نقصان پر قابو رکھتا ہے اور نہ اپنے نفع پر اور نہ موت

وَّلَا حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝

اور نہ زندگی پر اور نہ مرنے کے بعد زندہ ہو جانے پر

(۵) بحوالہ مصباح حضرت رسولِ خدا کی خدمت میں جبرئیل یہ دعا لے کر حاضر ہوئے اور فرمایا کہ اس کے پڑھنے کا ثواب اس قدر ہے کہ اگر تمام آسمانوں اور زمینوں کے فرشتے جمع ہو کر ثواب بیان کریں تو وہ روزِ قیامت تک بھی بیان نہیں کر سکیں گے۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا مَنْ اَظْهَرَ الْجَمِیْلَ وَسَتَرَ الْقَبِیْحَ یَا مَنْ

اے وہ خدا جس نے اچھی باتوں کو ظاہر کیا اور بری باتوں کو چھپایا اے

لَمْ یُؤَاخِذْ بِالْجَرِیْرَةِ وَلَمْ یَهْتِكِ السِّتْرَ

وہ خدا جو گناہ کا مواخذہ نہیں کرتا اور پردہ دری نہ کرے گا

یَا عَظِیْمَ الْعَفْوِ یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ یَا وَاسِعَ

اے بڑے بخشش والے اے خوبصورتی سے تجاوز کرنے والے اے بخشش

الْمَغْفِرَةِ یَا بَاسِطَ الْیَدَیْنِ بِالرَّحْمَةِ یَا

کو وسیع کرنے والے اے رحمت کے ساتھ ہاتھوں کو کھولنے والے اے

صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰی وَمُنْتَهٰی كُلِّ

ہر سرگوشی کرنے والے کے پاس رہنے والے اور ہر شکایت کی انتہا

شَكْوٰی يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ

اے ہر گناہ کے درگزر کرنے والے اے بڑا احسان کرنے والے

يَا مُبْتَدِعًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا

اے نعمت کو شروع کرنے والے قبل اس کے استحقاق کے اے ہمارے مالک

يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا وَغَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ

اے ہمارے سردار اور ہمارے مولا اے ہمارے انتہائی شوق میں تیرے ذریعہ

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَّا تُشَوِّهَ خَلْقِيْ

اے تجھ سے سوال کرتا ہوں یا اللہ یا اللہ آتش جہنم سے ساتھ اپنی

بِالنَّارِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ○

رحمت کے بہت رحم کرنے والے

(۶) حضرت امیر المومنینؑ بعد نماز عصر یہ دعا پڑھتے تھے۔

سُبْحَانَ ذِي الطَّوْلِ وَالنِّعَمِ سُبْحَانَ ذِي

پاک و پاکیزہ ہے احسان اور انعام والا خدا پاک و پاکیزہ ہے قدرت

الْقُدْرَةِ وَالْاَفْضَالِ اَسْئَلُ اللّٰهَ الرِّضَا

اور فضل والا قدر میں خدا سے سوال کرتا ہوں اس کی قضا و قدر

بِقَضَائِهٖ وَالْعَمَلَ بِطَاعَتِهٖ وَالْاِنَابَةِ

پر راضی رہنے اور اُس کی فرمانبرداری کے ساتھ عمل کرنے اور اس کے حکم

اِلٰی اَمْرِهٖ فَاِنَّهٗ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ؕ

کی طرف پھرنے کا وہ یقیناً دُعا کا سُننے والا ہے

(۷) بروز جمعہ اور بعد نماز عصر یہ دُعا سات مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَآءِ

خداوندا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر جو کہ پسندیدہ اوصیاء ہیں

الْمَرْضِیِّیْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ وَبَارِكْ

بہترین صلوات بھیج اور اُن پر بہترین برکات نازل فرما

عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَیْهِمْ

ان سب حضرات پر اور ان کی ارواح مقدسہ اور اجسام طاہرہ پر

وَعَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ

خداوند عالم کی سلام اور اس کی رحمت

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اور اس کی برکتیں ہوں

(۸) مطابق نمبر شمار نمبر ۴ عمل کیا جائے۔

(۹) بحوالہ شیخ طوسی علیہ الرحمۃ اس دعا کو بعد نماز عصر پڑھو۔ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ نَفْسٍ لَّا تَقْنَعُ

اے اللہ میں تجھ سے اُس نفس سے پناہ مانگتا ہوں جو قناعت نہیں کرتا اور اس

وَمِنْ بَطْنٍ لَّا یَشْبَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَّا یَخْشَعُ

پیٹ سے جو سیر نہیں ہوتا اور اُس دل سے جو خشوع نہیں کرتا

وَمِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ وَمِنْ صَلٰوۃٍ لَّا تُرْفَعُ وَ

اور اُس علم سے جو نفع نہیں دیتا اور اس نماز سے جو بلند نہیں کی جاتی اور

مِنْ دُعَآءٍ لَّا یُسْمَعُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

اُس دعا سے جو سُنی نہیں جاتی اے میرے اللہ تحقیق میں تجھ سے تکلیف

الْیُسْرَ بَعْدَ الْعُسْرِ وَالْفَرَجَ بَعْدَ الْکَرْبِ

کے بعد راحت کا سوال کرتا ہوں اور رنج کے بعد خوشی کا

وَالرَّخَآءَ بَعْدَ الشِّدَّۃِ اَللّٰھُمَّ مَا بِنَا مِنْ

اور سختی کے بعد نرمی کا اے خدا ہمارے پاس جو

نِّعْمَۃٍ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

نعمت ہے وہ تیری ہی جانب سے ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے

اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ○

میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں

(۱۰) نخبۃ الاذکار میں تحریر ہے کہ جو شخص سورہ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ فِی لَیْلَۃِ الْقَدْرِ بعد نمازِ عصر دس مرتبہ پڑھے تو حق تعالےٰ اُس کو اس قدر ثواب عطا فرمائے گا کہ جو تمام خلائق کو اُس روز رحمت فرمائے گا۔

(۱۱) بعد نماز عصر یہ دُعا پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ سُبْحَانَ

خدائے رحمان ورحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں پاک ہے

اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ

اللہ اور وہی قابلِ حمد ہے سوائے اس کے کوئی خدا نہیں اللہ ہی

اَكْبَرُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بزرگی والا ہے کوئی قوت و طاقت نہیں مگر اللہ بلند مرتبہ

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ سُبْحَانَ اللّٰهِ بِالْغُدُوِّ وَ

عظمت والے کی جانب اور مدد سے ہے خدا کی پاکیزگی ظاہر کرو صبح اور

الْاٰصَالِ ج سُبْحَانَ اللّٰهِ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ج

شام خدا کی پاکیزگی ظاہر کرو وقت شام اور صبح

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَ حِيْنَ

پس جس وقت تم لوگوں کی شام ہو اور جس وقت تمہاری صبح ہو خدا کی

تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِى السَّمٰوٰتِ وَ

پاکیزگی ظاہر کرو اور سارے آسمان و زمین میں "تیسرے

الْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ سُبْحَانَ

پہر کو اور جس وقت تم لوگوں کی دوپہر ہو جائے وہی قابلِ تعریف

رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ

ہے تمہارا پروردگار عزت کا مالک پاک وصاف ہے ان باتوں سے جو خدا کے بارے میں

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

لوگ بیان کرتے ہیں اور رسولوں پر سلام ہے اور تعریف ہے اُس خدا کے لئے جو جہانوں

سُبْحَانَ ذِى الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ سُبْحَانَ

کا رب ہے۔ پاک وصاف ہے وہ جو صاحب ملک اور بادشاہت ہے وہ جو

ذِى الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ سُبْحَانَ الْحَيِّ الَّذِىْ

صاحب عزت و غلبہ و بزرگی ہے پاک وصاف ہے وہ زندہ جس کو کبھی

لَا يَمُوْتُ سُبْحَانَ الْقَائِمِ الدَّائِمِ سُبْحَانَ

موت نہیں پاک وصاف ہے وہ جو ہمیشہ ہمیشہ ہے پاک وصاف ہے

الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ سُبْحَانَ الْعَلِيِّ الْاَعْلٰى سُبْحَانَهٗ

وہ زندہ جو جہان کا سنبھالنے والا ہے پاک وصاف ہے وہ جو بلندی اور مرتبہ میں

وَتَعَالٰى سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ

سب سے زائد اور شان میں بہت بڑھا ہوا ہے بہت پاک وپاکیزہ ہے خدا ہمارا اور پروردگار

وَالرُّوْحِ اَللّٰهُمَّ اِنَّ ذَنْبِيْ اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا

ملائک اور فرشتوں کا۔ اے اللہ بیشک میرا گناہ تیرے عفو کی پناہ میں ہو گیا

بِعَفْوِكَ وَخَوْفِيْ اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا بِاَمْنِكَ

اور میرا خوف تیرے امن کی پناہ میں ہو گیا

وَفَقْرِيْ اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا بِغِنَاكَ وَذُلِّيْ

اور میرا فقر تیرے غنا کی پناہ میں ہو گیا اور میری ذلت

اَمْسٰى مُسْتَجِيْرًا بِعِزِّكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

تیری عزت کی پناہ میں ہو گئی اے اللہ محمد و آل محمد

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ

پر رحمت نازل فرما اور مجھ کو بخش دے اور میرے حال

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ تَمَّ نُوْرُكَ

پر رحم کر بیشک تو ہی لائق حمد و بندگی ہے اے معبود تیرا نور کامل ہے

فَهَدَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَعَظُمَ حِلْمُكَ

پس تیرے لئے حمد ہے اور تیرا حلم بڑھا ہوا ہے

فَعَفَوْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ وَجْهُكَ رَبَّنَا اَكْرَمُ

پس بخشدے پس تیرے لئے حمد ہے اور تیری معزز ذات اے ہمارے پروردگار

الْوُجُوْهِ وَجَاهُكَ اَعْظَمُ الْجَاهِ وَعَطِيَّتُكَ

جس سے زیادہ معزز کوئی نہیں اور تیرا مرتبہ جملہ مراتب و منزلت سے عظیم ترہے اور

اَفْضَلُ الْعَطَآءِ تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَقْبَلُ وَتُعْصٰى

تیرا عطیہ بہترین عطا ہے اے ہمارے اللہ تیری اطاعت کی جاتی ہے پس تو قبول کرتا ہے

فَتَغْفِرُ وَتُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ الضُّرَّ

اور تیری نافرمانی کی جاتی ہے پس تو بخشتا ہے اور پریشان کی دعا قبول کرتا ہے اور تکلیف کو

وَتُنَجِّيْ مِنَ الْكَرْبِ وَتُغْنِي الْفَقِيْرَ وَتَشْفِي

دفع کرتا ہے اور سختی سے نجات دیتا ہے اور فقیر کو غنی کرتا ہے اور بیمار کو اچھا

السَّقِيْمَ وَلَا يُجَازِيْ اٰلَاءَكَ اَحَدٌ يَا اَرْحَمَ

کرتا ہے اور تیری نعمتوں کا کوئی بدلہ نہیں کرسکتا سب سے زائد رحم

الرَّاحِمِيْنَ ٥ (مفتاح الجنان)

کرنے والے

(۱۲) دعا نمبر شمار ۲۷ (صبح) بعد نماز عصر پڑھے۔

# تعقیب نماز مغرب

(۱) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ نماز صبح یا مغرب کے بعد کلام کرنے سے قبل سات مرتبہ پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط لَا حَوْلَ وَ

شروع کرتا ہوں خدا کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے کسی میں کوئی قوت

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ه

اور طاقت نہیں ہے بجز خدا کی مدد کے جو بلند مرتبہ صاحب عظمت ہے

خداوند تعالیٰ اس دعا کی برکت سے ستر قسم کی بلاؤں کو دفع کرتا ہے۔

(۲) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص نماز مغرب کے بعد اس دعا کو تین مرتبہ پڑھے خداوند تعالیٰ اس کو نیکی کثیر عطا فرمائے گا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ وَلَا يَفْعَلُ

اُس خدا ہی کے لئے سب تعریف ہے کہ جو کچھ وہ چاہتا ہے کرتا ہے اور نہیں کرتا

مَا يَشَآءُ غَيْرُهٗ ه

اس کے سوا جو بات کوئی اور چاہے

(۳) امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص بعد نماز صبح اور مغرب اپنے پاؤں کو حرکت دینے یا کسی سے بات کرنے سے قبل ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو خداوند تعالے اسو حاجتیں (آخرت کی ستر دنیا کی تیس) پوری فرمائے گا۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

اے ایمان والو تم بھی اُن پر صلوٰۃ و سلام بھیجو

تَسْلِيْمًا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِالنَّبِيِّ

اے اللہ محمدؐ اور ان کی ذریت اور

وَعَلٰى ذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰٓى اٰهْلِ بَيْتِهٖ

اہل بیت پر رحمت نازل فرما

(۴) حضرت امیر المومنینؑ بعد نماز مغرب یہ دعا پڑھتے تھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

اس خدا کے لئے تعریف ہے جو رات کو بڑھا کر دن میں داخل کرتا ہے

وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كُلَّمَا

اور دن کو گھٹا کر رات میں داخل کرتا ہے سب تعریف خدا ہی کے واسطے ہے

وَقَبَ لَيْلٌ وَّغَسَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كُلَّمَا

جب اندھیری ہو جائے اور اس کا اندھیرا چھا جائے تمام تعریفیں خدا ہی

لَاحَ نَجْمٌ وَّخَفَقَ ۝

کے واسطے ہیں جس وقت ستارہ نکلے اور ڈوبے

(۵) حضرت امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا ہے کہ نماز صبح و مغرب کے بعد یہ دُعا پڑھا کرو جو دنیا و آخرت میں مفید ہو اور آنکھ کی بیماری سے بھی امان پائے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

اے میرے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں محمدؐ و آلِ محمدؐ کے ساتھ جو

مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تجھ پر ہیں یہ کہ رحمت محمدؐ و آلِ محمدؐ پر نازل فرما

وَّاَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَالْبَصِيْرَةَ فِيْ

اور یہ کہ نور کو میری آنکھوں میں ٹھہرا اور سمجھ کو دے میرے

دِيْنِيْ وَالْيَقِيْنَ فِيْ قَلْبِيْ وَالْاِخْلَاصَ فِيْ

دین میں اور یقین کو میرے دل میں اور اخلاص کو میرے

عَمَلِيْ وَالسَّلَامَةَ فِيْ نَفْسِيْ وَالسَّعَةَ فِيْ رِزْقِيْ

عمل میں اور سلامتی کو میرے نفس میں اور وسعت کو میرے رزق میں

وَالشُّكْرَ لَكَ اَبَدًا مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ ٥

اور میں تیرا ہمیشہ شکر بجا لاتا رہوں جب تک تو مجھ کو بقید حیات رکھے

(۶) دعاہائے نمبر شمار ۸-۲۸-۳۰-۳۲-۳۳-۴۴ لغایتہ ۴۸-۵۰ شام کو بھی پڑھنا چاہیئے۔

(۷) بحوالہ کتاب جنۃ الورقیہ بعد نماز مغرب یہ دعا پڑھنی چاہیئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا

خدائے رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اے میرے اللہ ہمارے

مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ

پاس جو نعمت بھی ہے وہ تیرا ہی عطیہ ہے کوئی نہیں عبادت کے لائق مگر تو میں تجھ سے

وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ ٥

بخشش مانگتا ہوں اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں

(۸) جو شخص تین مرتبہ شام کو یہ دعا پڑھے صبح تک بلاؤں (ڈوبنے

جلنے اور چوری سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا يَصْرِفُ السُّوْٓءَ اِلَّا

اللہ کے نام سے شروع ہے سب کچھ خدا کی رضی سے ہے اس کے سوا کوئی برائی کو

اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا يَسُوْقُ الْخَيْرَ

رفع دفع نہیں کرتا اللہ کے نام سے شروع ہے نہیں ہے کوئی خیر و خوبی مگر خدا ہی کی

اِلَّا اللّٰهُ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ مَا يَكُوْنُ

طرف سے۔ اللہ کے نام سے شروع ہے ہر نعمت کا عطیہ خدا ہی کی

مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ

طرف سے ہے خدا کے نام سے شروع ہے ہر

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

قوت و طاقت خدائے بزرگ اور برتر کی مدد سے ہے

بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اللہ کے نام سے شروع ہے خدا رحمتیں بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر

وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ ۝

صلوات بھیج

(۹) نمبر شمار نمبر ۶ صفحہ ۹۱ کی دعا پڑھو اور اس میں بجائے

اَصْبَحْتُ کے اَمْسَیْتُ پڑھو (قرآن مجید مقبول ترجمہ صفحہ ۵۶۱)

(۱۰) نمبر شمار، صفحہ ۹۲ کی دعا پڑھو۔

(۱۱) بعد نماز مغرب پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے اے خدا میں تجھ سے تیری

اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَآئِمَ

رحمت کے اسباب کا سوال کرتا ہوں اور تیری مغفرت

مَغْفِرَتِکَ وَالسَّلَامَۃَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَّ

کے ارادوں کا اور ہر گناہ سے سلامتی کا اور

الْغَنِیْمَۃَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ وَّالنَّجَاۃَ مِنَ النَّارِ

ہر نیکی سے غنیمت کا اور جہنم سے اور

وَمِنْ کُلِّ بَلِیَّۃٍ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّۃِ وَالرِّضْوَانِ

ہر بلا سے نجات کا اور جنت میں فائز ہو اور امن

فِیْ دَارِ السَّلَامِ وَجِوَارِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ

چین کے گھر میں خوشنودی کا اور تیرے نبی محمدؐ و آلِ محمد

عَلَيۡهِمُ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنۡ نِعۡمَةٍ

کے جوارِ رحمت میں رہنے کا۔ اے اللہ جو نعمت بھی ہمارے پاس ہے

فَمِنۡكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُكَ وَ

وہ تیرا ہی عطیہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور

اَتُوۡبُ اِلَيۡكَ

تیرے حضور میں توبہ کرتا ہوں

(۱۲) دُعا نمبر شمار ۲۷ صفحہ ۱۰۶ پڑھو۔ جناب امیرؑ سے روایت ہے کہ اُس شب اور اُس روز کی نیکیاں اس سے فوت نہ ہونگی اور بدیاں اُس سے دُور رہیں گی۔

# تعقیب نمازِ عشاء

(۱) حضرت امام علی نقیؑ سے روایت ہے کہ نمازِ عشا کے بعد سات مرتبہ سُورہ اِنَّا اَنۡزَلۡنَاہُ پڑھو۔ اِس رات صبح تک جُملہ بلاؤں سے محفوظ رہو گے۔

(۲) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ بعد نمازِ عشا یہ دُعا پڑھو تاکہ تمہاری عورتیں اور مال محفوظ رہیں۔

اُعِیْذُ نَفْسِیْ وَذُرِّیَّتِیْ وَاَھْلُ بَیْتِیْ وَمَالِیْ

میں پناہ میں دیتا ہوں اپنی جان اور اپنی اولاد اور اپنے گھر والوں کو اور اپنے

بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ

مال کو خدا کے پورے ہونے والے حکموں کے ذریعے ہر شیطان

وَّھَامَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّۃٍ ۰

اور ستانے والے جانور اور ہر نظر بد سے

(۳) بحوالہ کتاب ثواب الاعمال امام زین العابدینؑ سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کو بعد نمازِ عشا پڑھے گا تو یہ نمازِ شب کا بدلہ ہو جائے گی

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْہِ مِنْ رَّبِّہٖ

ان باتوں پر رسول ایمان لایا جو اُس کے رب کی طرف سے اس پر نازل کی

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۚ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَ

گئی ہیں اور مومنین بھی اللہ اور اُس کے ملائکہ اور

کُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ

اُس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہ کہتے ہیں کہ ہم اس کے رسولوں میں

رُّسُلِہٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَکَ

سے کسی میں فرق نہیں کرتے اور وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی۔ اے ہمارے

رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا

رب ہم کو بخش دے اور تیری ہی طرف جانا ہے خدا کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ

اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا

تکلیف نہیں دیتا اُس کے نیک اور بد کاموں کا بدلہ اس کو ملے گا

مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا

اے ہمارے رب ہماری بھول اور خطا پر ہم سے

اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا

مواخذہ نہ کرنا اے ہمارے رب ہم پر ویسی مشقت بھی نہ ڈال

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَ

جیسا کہ ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالی تھی ہمارے رب ہم سے

لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ

ایسا بوجھ نہ اٹھوا جس کی ہم کو طاقت نہیں اور ہم کو معاف

عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا

کردے اور ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم کر تو ہمارا مولا ہے

فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

لہٰذا کافروں کی مدد پر ہم کو نصرت دے

(۴) بحوالہ عنید بن زرارہ امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ برائے رفعِ تنگدستی و محتاجی یہ دعا آہستہ پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِيْ

خداوندا بے شک مجھ کو روزی ملنے کی جگہ کا علم نہیں

وَاِنَّمَآ اَنَا اَطْلُبُهٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰى

اور میں صرف ان خیالات کو ڈھونڈھتا ہوں جو میرے دل میں گزرتے

قَلْبِيْ فَاَجُوْلُ فِيْ طَلَبِهٖ الْبُلْدَانِ وَ اَنَا

ہیں پس میں نے اس کی طلب میں شہروں کی گشت لگائی لیکن میں

فِيْمَآ اَنَا طَالِبٌ كَالْحَيْرَانِ لَآ اَدْرِيْٓ اَفِيْ

متحیر ہوں اپنے مطلب میں کہ نہ معلوم آیا وہ نرم جگہ میں

سَهْلٍ هُوَ اَمْ فِيْ جَبَلٍ اَمْ فِي الْاَرْضِ اَمْ

ہے یا پہاڑ میں یا زمین میں یا

فِي السَّمَآءِ اَمْ فِيْ بَرٍّ اَمْ فِيْ بَحْرٍ وَّ عَلٰى

آسمان میں یا جنگل میں ہے یا خشکی میں یا سمندر میں اور کس کے

يَدَيْ مَنْ وَّمِنْ قِبَلِ مَنْ وَّقَدْ عَلِمْتُ

اور کس کی طرف سے ہے اور یقیناً میں جانتا

اِنَّ عِلْمَہٗ عِنْدَكَ وَاَسْبَابُہٗ بِيَدِكَ وَ

چونکہ اس کا علم تیرے پاس ہے اور اس کے ذریعے تیرے قبضہ میں ہیں

اَنْتَ الَّذِىْ تَقْسِمُہٗ بِلُطْفِكَ وَتُسَبِّبُہٗ

اور تو ہی اپنی مہربانی سے اس کو تقسیم کرتا ہے اور اس کے

بِرَحْمَتِكَ اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

اسباب پیدا کرتا ہے اپنی رحمت سے پس خداوند تعالیٰ تو رحمت کاملہ محمدؐ و آلِ محمدؐ

اٰلِہٖ وَاجْعَلْ يَا رَبِّ رِزْقَكَ لِىْ وَاسِعًا

پر نازل فرما اور اے پروردگار اپنے رزق کو میرے لئے وسیع کر دے

مَّطْلَبُہٗ سَھْلًا وَّمَاْخَذُہٗ قَرِيْبًا وَّلَا

اور اس کی تلاش کو آسان اور اس کے ملنے کی جگہ کو قریب کر دے اور مجھے

تُعْنِتْنِىْ بِطَلَبِ مَا لَمْ تُقَدِّرْ لِىْ فِيْہِ رِزْقًا

کو اس چیز کے ڈھونڈھنے میں مت تھکا کہ جس کی روزی تو نے مقدر نہیں کی

فَاِنَّكَ غَنِىٌّ عَنْ عَذَابِىْ وَاَنَا فَقِيْرٌ اِلٰى

کیونکہ بے شک تو مجھ کو عذاب کرنے سے بے پرواہ ہے اور میں تیری رحمت

رَحْمَتِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَجُدْ

کا محتاج ہوں پس تو محمدؐ اور ان کی آل پر رحمت کاملہ نازل فرما

عَلٰی عَبْدِکَ بِفَضْلِکَ اِنَّکَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ

نازل فرما اور مجھ پر اپنے فضل سے بخشش کر یقیناً تو بڑے فضل والا ہے

(۵) جو شخص سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَاہُ کو بعد نماز عشاء پڑھا کرے تو وہ صبح تک خداوند تعالےٰ کی حفاظت وضمانت میں رہے گا۔ جناب کفعمی نے بھی مصباح میں بعد نماز عشاء اس کے سات مرتبہ پڑھنے کی ہدایت فرمائی ہے

(۶) منتخب الاذکار میں سید مصطفےٰ سے منقول ہے کہ سورۂ توحید سورۂ فاتحہ سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور سورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ دس دس مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنا مستحب ہے۔

(۷) بحوالہ عبداللہ بن نعمان حضرت رسولِ خدا سے روایت ہے کہ جو شخص اس دعا کو بوقتِ شب پڑھے خداوندِ تعالےٰ اُس کو اپنی رحمت بے شمار عطا فرمائے اور جملہ آفات وبلیات سے محفوظ رکھے اور اُس کی دعا ہمیشہ مستجاب ہو۔ اور دنیا میں باعزت رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۃ بِسْمِ اللّٰهِ

خدائے رحمٰن ورحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں خدا کے نام سے شروع کرتا

السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِهٖ

ہوں جو کہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے جس کے مثل کوئی چیز نہیں

شَیْءٌ وَّهُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ بِرَحْمَتِکَ

اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے اے سب رحم کرنے والوں سے

يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

زیادہ رحم کرنے والے مجھ پر اپنی رحمت سے رحم و کرم فرما اور محمدؐ و

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖٓ اَجْمَعِيْنَ o

آلِ محمدؐ پر درود بھیج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ

خدائے رحمن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اُس خدا کے نام سے شروع

الْخَلَّاقِ الْعَلِيْمِ ۙ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّ

ہے جو کہ بہت پیدا کرنے والا اور جاننے والا ہے جس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے وہی

هُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ۙ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

کھولنے والا جاننے والا ہے سارے سب رحم کرنیوالوں سے زیادہ رحم کرنیوالے مجھ پر اپنی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ

رحمت فرما۔ خدائے رحمن و رحیم کے نام سے شروع ہے اُس خدا کے نام سے شروع ہے

السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ

جو سننے والا جاننے والا ہے جس کے مثل کوئی چیز نہیں اور

وَّهُوَ الْغَنِىُّ الْقَدِيْرُ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ

وہ غنی ہے بے نیاز ہے قادر ہے مجھ پر بھی نظر رحمت رکھو سب سے زائد

الرَّاحِمِينَ ۝

رحم کرنے والے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ

خدائے رحمٰن ورحیم کے نام سے شروع ہے اُس خدا کے نام سے شروع ہے

الْعَزِيزِ الْكَرِيمِ الَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ

جو زبردست صاحب کرم ہے اُس کی مثل کوئی چیز نہیں

وَهُوَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ

وہی زبردست کرم والا ہے مجھ پر بھی نظر رحم وکرم رکھیو اے سب سے

الرَّاحِمِينَ ۝

زائد رحم کرنے والے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ

خدائے رحمٰن ورحیم کے نام سے شروع ہے اُس اللہ کے نام سے شروع ہے

السَّمِيعِ الْعَلِيمِ الَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ

جو سننے والا جاننے والا ہے جس کے مثل کوئی چیز نہیں

وَهُوَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ

وہی جاننے والا باخبر ہے اپنے رحم وفضل سے مجھ پر بھی نظر رحمت رکھنا اے سب سے زائد رحم کرنے والے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ

خدائے رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں اُس اللہ کے نام سے

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّ

شروع ہے جو زبردست رحم کرنے والا ہے جس کے مثل کوئی چیز نہیں وہی

هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّ

زبردست بڑا بخشنے والا ہے پس اللہ ہی حفاظت کرتے ہیں بہتر ہے

هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اور وہی سب سے زائد رحم کرنے والا ہے

(۸) بعد نماز عشاء یہ دُعا پڑھو:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ

خدائے رحمٰن و رحیم کے نام سے شروع ہے خدا کی عزت

اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِمَغْفِرَةِ

اور اس کی قدرت و مغفرت

اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَاَعُوْذُ بِسُلْطَانِ

اور رحمت و کرم کے ذریعے اور اس اللہ کی سلطنت کے

اللّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّ اَعُوْذُ

واسطے سے جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے پناہ مانگتا ہوں اور

بِکَرَمِ اللّٰہِ وَ اَعُوْذُ بِجَمْعِ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ کُلِّ

اللہ کے کرم اور اللہ کی جامعیت سے ہر سرکش دشمن خدا اور

جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّ شَیْطٰنٍ مَّرِیْدٍ وَّ کُلِّ

شیطان ملعون و نافرمان اور ہر

مُخْتَالٍ وَّ سَارِقٍ وَّ عَارِضٍ وَّ مِنْ شَرِّ

متکبر اور چور اور ہر تعرض کرنے والے سے اور زہردار

السَّامَّةِ وَالْھَامَّةِ وَالْعَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ

جانور اور موذی جانور اور بلائے عام کے شر سے

کُلِّ دَآبَّةٍ صَغِیْرَةٍ اَوْ کَبِیْرَةٍ بِلَیْلٍ

اور ہر چھوٹے بڑے زمین پر چلنے والے سے خواہ وہ رات میں

اَوْ نَھَارٍ وَّمِنْ شَرِّ فُسَّاقِ الْعَرَبِ وَ

چلیں یا دن میں اور عرب و عجم کے بدکردار اور

الْعَجَمِ وَ فُجَّارِھِمْ وَمِنْ شَرِّ فَسَقَةِ الْجِنِّ

ظاہر بظاہر بدی کرنے والوں کے شر سے اور جن و انس میں سے

وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ

منزعاتِ شرعیہ سے پرہیز نہ کرنے والوں کے شر سے اور روئے زمین پر چلنے چلنے

بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ط

والے ہیں کہ جنکی چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے انکے شر سے تجھ سے پناہ مانگتا ہوں - بے شک

میرا پروردگار (انصاف) کی سیدھی راہ پر ہے

## برائے دفع نسیان و زیادتی قوتِ حافظہ بعد ہر نماز

سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَعْتَدِيْ عَلٰٓى اَهْلِ مَمْلَكَتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَاْخُذُ اَهْلَ الْاَرْضِ بِاَلْوَانِ الْعَذَابِ سُبْحَانَ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَّبَصَرًا وَّفَهْمًا وَّعِلْمًا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ہ

# اَدعیہ وقتِ خواب

(۱) حضرت امیر المومنینؑ سے روایت ہے کہ جو شخص سوتے وقت اِن آیات کو پڑھ لیا کرے تو جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ رہے گا:

إِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ

بے شک میرا ولی وہ اللہ ہے جس نے کتاب نازل کی اور نیکوں

يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ

کو دوست رکھتا ہے اور لوگوں نے جیسی چاہیئے خدا کی قدر نہیں

وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

کی حالانکہ تمام زمین اس کے قبضہ میں ہوگی قیامت کے دن

وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهٖ سُبْحَانَهُ

اور تمام آسمان بھی اس کے اختیار میں ہوں گے وہ پاک و

وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

بلند تر ہے مشرکین کے شرک سے

(۲) حدیث میں ہے کہ آیت الکرسی کو بوقت شب پڑھنا جملہ آفتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۳) حدیث میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ پڑھ لیا کرے تو اس کے پچاس برس کے گناہ محو ہوں گے۔

(۴) جو شخص چاہے کہ شب کے کسی خاص وقت میں بیدار ہو تو اس کو چاہیئے کہ سوتے وقت یہ دعا پڑھ لیا کرے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ

کہہ دو کہ میں تو تم جیسا انسان ہوں میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ صرف تمہارا

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

خدا ایک ہے - پس جو کوئی اپنے پروردگار کی نعمت کا اُمیدوار

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

ہونا چاہیے تو نیک عمل کرے اور نہ اپنے معبود کی عبادت کے

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

ساتھ کسی کو شریک کرے

(۵) جو کوئی شب میں سوتے وقت ڈرتا ہو تو اُس کو چاہیئے کہ سُورۂ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور آیۃ الکرسی پڑھ کر سو رہا کرے۔ ڈرنے سے محفوظ رہے گا۔

(۶) سوتے وقت سُورۂ واقعہ پڑھنے سے فقر و فاقہ سے امن ہو جاتا ہے۔

امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ جو شخص اس سُورہ کو قبل خواب پڑھ لیا کرے تو اس کا چہرہ بروز قیامت مثل چودہویں رات کے چاند کے روشن ہوگا۔

(۷) کتاب تحفۃ الاذکار میں جناب سیّد مصطفےٰ ؒ نے تحریر فرمایا ہے

کہ اگر کوئی شخص اس دُعا کو وقت خواب پڑھے تو ملائکہ اُس کی حفاظت کرتے ہیں اور شیاطین دُور بھاگتے ہیں۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

تحقیق تمہارا رب وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور

الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی

زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر غالب ہوا

الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا

جو رات کو دن پر ڈھانک دیتا ہے جو اُس کو تیزی کیساتھ ڈھونڈتی

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ

ہے اور سورج اور چاند اور ستاروں کو اپنے حکم کا مسخر

بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ

بنایا خبردار رہو کہ اُسی کے اختیار میں خلق وامر ہے تمام عالم کا پالنے

اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

والا خدا مبارک ہے

(۸) بحوالہ نخبۃ الاذکار جو شخص بوقتِ خواب یہ دُعا پڑھ لیا کرے تو وہ مکان کے نیچے دبنے سے محفوظ رہے گا۔

إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ أَنْ

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو قائم کئے ہوئے ہے

تَزُوْلَاۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ

اور اگر یہ دونوں اپنی جگہ سے ہٹ جائیں تو اس کے سوا کون روک

مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۚ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ○

سکتا ہے بے شک وہ حلیم و غفور ہے

اس کے بعد یہ پڑھے:- يَا مَنْ يُّمْسِكُ السَّمَآءَ

اے وہ جو آسمان کو زمین پر گرنے سے

أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ أَمْسِكْ عَنِّيَ السُّوْٓءَ ○

روکے ہوئے ہے مجھ سے برائی کو روک لے

(۹) بحوالہ اصول کافی جو شخص آیۃ الکرسی سوتے وقت پڑھ لیا کرے تو حدیث میں منقول ہے کہ تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور اس کے ہمسایہ بھی۔

(۱۰) بحوالہ اصول کافی حضرت رسول خدا نے فرمایا کہ جو شخص سورۂ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ سوتے وقت پڑھ لیا کرے تو فتنہ قبر سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۝ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ کَلَّا

زیادتی کے فخر نے تم کو غافل بنائے رکھا یہاں تک کہ تم نے قبروں کو دیکھا لیغی

سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

تم کو موت آگئی، آگاہ ہو جاؤ کر آگے چل کے تم جان لوگے پھر سن رکھو کہ آگے چل

کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ

کے تم جان لوگے دیکھو اگر تم یقین کے طور پر جان لیتے (تو غافل نہ ہوتے)، تو

الْجَحِیْمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا عَیْنَ الْیَقِیْنِ ۝ ثُمَّ

تم دوزخ تو ضرور دیکھو گے پھر تم اس کو یقین کی آنکھ سے دیکھو گے پھر

لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ۝

تم سے اُس دن نعمتوں کی بابت ضرور باز پرس کی جائے گی

(۱) حضرت رسولِ خدا سے منقول ہے کہ جو شخص سونے کے وقت تین مرتبہ یہ دعا پڑھ لے تو خداوند تعالےٰ اس کے گناہوں کو بخش دے گا۔ اگرچہ وہ تمام درختوں کے پتوں کے برابر ہوں ۔

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں اُس خدا سے مغفرت چاہتا ہوں کہ جس کے سوا کوئی خدا نہیں وہ ایسا

الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ ہ

زندہ ہے جو باقی ہے اور اُسی سے اپنے گناہوں کی توبہ کرتا ہوں

(۱۲) جناب امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ سو مرتبہ سُورۂ اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ سونے کے وقت پڑھے تو اُس شب کو اپنی جگہ بہشت میں دیکھ لیوے گا۔

(۱۳) جناب امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص سونے کے وقت اَسْتَغْفِرُ اللهَ پڑھے تو سوتے ہی ہوئے اُس کے گناہ مثل درخت کے پتوں کے جھڑ جائیں گے۔

# تعقیب بعد ہر نماز پنجگانہ

## (۱) دُعائے طولِ عُمر

بحوالہ سیّد ابن طاؤس علیہ الرحمۃ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ برائے درازیٔ عمر اپنے اور اپنے عزیزوں اور دوستوں کے

بعد ہر نماز یہ دعا پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰهُمَّ

اے میرے اللہ رحمت کاملہ نازل فرما محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اے میرے اللہ

